حل مشق ﴿۴﴾ ایسے پانچ جملے لکھئے جن میں مبتداء مرکب اضافی ہو لیکن مضاف واحد مؤنث ہو؟

جَارِيَةُ بَكْرٍ مَاتَتْ فِي السَّفَرِ	بکر کی لونڈی سفر میں مرگئی
مُعَلِّمَةُ الْكُلِّيَّةِ إِمْرَأَةٌ صَالِحَةٌ	کالج کی استانی یک نیک عورت ہے
أُمُّ خَالِدٍ تَحْتَطِبُ مِنْ بَعِيْدٍ وَتَبِيْعُ	خالد کی ماں دور سے لکڑی لاتی ہے وہ بیچتی ہے
أُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالِدُهَا أَبُوْبَكْرِنِ الصِّدِّيْقُ	ام المؤمنین اسکی والد ماجد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہے
سَاعَةُ الْيَدِ ثَمِيْنَةٌ	ہاتھ کی گھڑی قیمتی ہے

حل مشق ﴿۵﴾ ایسے پانچ جملے لکھئے جن میں مبتدا دوہری اضافت سے مرکب ہو؟

لَوْنُ أَسْنَانِ الْحَيَوَانِ أَبْيَضُ	حیوان کے دانتوں کا رنگ سفید ہے
سَقْفُ بَيْتِ زَيْدٍ وَاسِعٌ	زید کے گھر کی چھت کشادہ ہے
بَابُ مَدْرَسَةِ خَالِدٍ كَبِيْرٌ	خالد کے مدرسے کا دروازہ بڑا ہے
جِسْمُ ثَعْلَبِ سَعِيْدٍ مُتَلَطِّخٌ بِالدَّمِ	سعید کی لومڑی کا بدن لہولہان ہوگیا
وَقْتُ سَاعَةِ مَسْجِدٍ سَوِيٌّ	مسجد کی گھڑی کا وقت ٹھیک ہے

حل مشق ﴿٦﴾ اردو میں ترجمہ کیجئے؟

چاندی کی انگوٹھی نئی ہے	آسمان کا رنگ نیلا ہے	کمرے کی کھڑکی بند ہے
مدرسے کا استاد مہربان ہے	مدرسے کا صحن کشادہ ہے	مسجد کا دروازہ کھلا ہے
ہاتھ کا گھڑی مہنگی ہے	روشنائی کا قلم عمدہ ہے	قلعی کا قلم مضبوط ہے
حضرت محمد ﷺ کی رسالت عظیم ہے	کھڑکی کے دو پردے نئے ہیں	دو لڑکوں کے قلم سستے ہیں

ایک عورت کی دو بیٹیاں محنتی ہیں	درخت کی دو ٹہنیاں لمبی ہیں	ریل گاڑی کے مسافر تھکے ماندے ہیں
گاڑیوں کے ڈرائیور چست ہیں	کمرے کی کرسیاں نئی ہیں	اور دکی مائیں مہربان ہیں
مدرسے کی استانیاں چست ہیں	رمضان کے روزے فرض ہیں	گھر کی دیواریں بلند ہیں
میرا نام حامد ہے	تمہارا مدرسہ پرانا ہے	ہمارے اسباق آسان ہیں
ہمارے اساتذہ مہربان ہیں	ہمارا خالق اللہ پاک ہے	مدرسے کے باغیچہ کی دیوار بلند ہے

حامد کے کمرے کا دروازہ بڑا ہے	تالاب کی مچھلی کا رنگ سرخ ہے

حل مشق ﴿۷﴾ عربی میں ترجمہ کیجئے؟

أَسْمَاكُ النَّهْرِ جَمِيْلَةٌ	غُرُفَاتُ الْبَيْتِ وَاسِعَةٌ	كُرَّاسَةُ الْمُعَلِّمِ جَدِيْدَةٌ
مُعَلِّمَةُ الْمَدْرَسَةِ كَسْلَانَةٌ	لَوْنُ الْوَرْدَةِ أَحْمَرُ	سِتَارَةُ النَّافِذَةِ بَيْضَاءُ
حِبْرُ الْقَلَمِ أَزْرَقُ	مَاءُ الْبِئْرِ حُلْوٌ	جِبَالا الْمَدِيْنَةِ مُرْتَفِعَانِ
وَلَدَا امْرَأَةٍ مَرِيْضَانِ	مُعَلِّمَتَا الْمَدْرَسَةِ صَالِحَتَانِ	مِرْوَحَةُ السَّقْفِ جَيِّدَةٌ /أَنِيْقَةٌ
مِصْبَاحُ الْكَهْرَبَاءِ مُضِيْءٌ /سَاطِعٌ /لَامِعٌ	اَلْمَسْجِدُ الْجَامِعُ جَمِيْلٌ	وَلَدَا الرَّجُلَيْنِ مُجْتَهِدَانِ
مُعَلِّمَةُ بَنَاتِ الْمَدْرَسَةِ مُشْفِقَةٌ	أَغْصَانُ الشَّجَرِ طَوِيْلَةٌ	أَزْهَارُ الْجُنَيْنَةِ جَمِيْلَةٌ

صَدِيْقُنَا صَادِقٌ	وَالِدَتُكُمْ ضَعِيْفَةٌ	دَوْلَتُنَا عَظِيْمَةٌ /مُلْكُنَا عَظِيْمٌ

حل مشق ﴿۸﴾ کچھ الفاظ کی جمع اور مفرد لکھی جا رہی ہیں آپ انہیں یاد کریں اور غور کر کے بتائیں کہ مفرد کی جمع اور جمع کی مفرد کیا ہے؟

مفرد کی جمع :

مفرد	جمع	مفرد	جمع
حَجَرٌ	اَحْجَارٌ	سَاعِيُ الْبَرِيْدِ	سُعَاةٌ
اَلنَّظَّارَةُ	اَلنَّظَّارَاتُ	مِنْدِيْلٌ	مَنَادِيْلُ
طَيْرٌ	طُيُوْرٌ	اَلْقِدْرُ	اَقْدَارٌ
مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ	مَكَاتِبُ	دَرَّاجَةٌ	دَرَّاجَاتٌ
اَلْبَارُّ	اَلْبَارُّوْنَ	كَرِيْمٌ	كِرَامٌ/كُرَمَاءُ
اَلْمِصْبَاحُ	اَلْمَصَابِيْحُ	اَلْجَلِيْلُ	اَجْيَالُ/جِيْلَانٌ
اَللُّعْبُ	اَللَّوَاعِبُ/اَللَّعَائِبُ	اَلْحَلُوْبُ	اَلْحُلُبُ/اَلْحَلَائِبُ

جمع کی مفرد :

جمع	مفرد	جمع	مفرد
اَلْاَفْرَاسُ	اَلْفَرَسُ	اَلْاَطْعِمَةُ	اَلطَّعَامُ
اَلْمَرْضٰى	اَلْمَرِيْضُ	اَلْفَتَحَاتُ	اَلْفَتْحَةُ
اَلْوَصَفَاتُ	اَلْوَصْفَةُ	اَلْحَاجَاتُ	اَلْحَاجَةُ

الْاَسْفَارُ	السَّفَرُ	الْقَلَانِسُ	الْقَلَنْسُوَةُ
الْاَقْفَاصُ	الْقَفَصُ	الشُّبُوْرَاتُ	الشَّبُوْرَةُ
السُّقُوْفُ	السَّقْفُ	اللُّحُوْمُ	اللَّحْمُ
الْوُجُوْهُ	الْوَجْهُ	الطُّيُوْرُ	الطَّيْرُ
الْخُدَّامُ	الْخَادِمُ	الْبُلْدَانُ	الْبَلَدُ
الْفَرَوَاتُ	الْفَرْوَةُ	الدَّكَاكِيْنُ	الدُّكَّانُ
الْاَطْفَالُ	الطِّفْلُ	الْعَرَبَاتُ	الْعَرَبَةُ
الْاَسْمَاءُ	الْاِسْمُ	الثِّيَابُ	الثَّوْبُ
الْاَرَاضِيُّ	الْاَرْضُ	الْاَدْوِيَةُ	الدَّوَاءُ
النَّوٰى	النَّوَاةُ		

الدرس الرابع عشر

المبتدأ اذا كان مركبا توصيفيا

سوالات

سوال﴿۱﴾ انسانوں کے علاوہ دوسری چیزوں کی جمع مبتداء ہو تو خبر کیسی ہوگی؟

جواب: انسانوں کے علاوہ دوسری چیزوں کی جمع مبتداء ہو تو خبر واحد مؤنث ہوگی۔

سوال﴿۲﴾ کیا مرکب توصیفی مبتداء واقع ہو سکتا ہے؟

جواب: مرکب توصیفی مبتداء واقع ہو سکتا ہے۔

سوال﴿۳﴾ مبتداء اگر مرکب توصیفی ہو تو اسکی خبر لانے سے پہلے کس چیز کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

جواب: مبتداء اگر مرکب توصیفی ہو تو اسکی خبر لانے سے پہلے یہ دیکھ لیجئے کہ موصوف کی صفت کیسی ہے؟ گر واحد ہے تو خبر بھی واحد لایئے، جمع یا تثنیہ ہے تو ضمیر بھی جمع یا تثنیہ لایئے، مذکر یا مؤنث ہے تو خبر بھی مذکر یا مؤنث لایئے۔

التمرينات

حل مشق ﴿۱﴾ پانچ جملے ایسے بنایئے جن میں موصوف صفت کو مفرد اور مذکر مؤنث کو مبتداء بنایا گیا ہو اور یہ کہ مبتداء کے لئے کوئی مناسب خبر لکھئے؟

اَلسَّفَرُ الطَّوِيْلُ مَرْسُوْمٌ	لمبا سفر طے شدہ ہے
اَلرَّجُلُ الْفَاكِهِيُّ اَعْطَانِيَ الدِّرْهَمَ	میوہ فروش آدمی نے مجھ کو درہم دیا
اَلطَّمَاطِمُ الصَّغِيْرُ غَالٍ	چھوٹا ٹماٹر مہنگا ہے

اَلْمِدَقَّةُ الصَّغِيْرَةُ ثَمِيْنَةٌ	چھوٹی ہتھوڑی قیمتی ہے
اَلْبِطِّيْخَةُ الْحُلْوَةُ فِيْ اَرْضِ الْهِنْدِ	میٹھا خربوزہ ہندوستان کی زمین میں پیدا ہوتا ہے

حل مشق ﴿۳﴾ پانچ جملے بنائیے جن میں موصوف، صفت کو تثنیہ اور مذکر، مؤنث کو مبتداء بنا کر کسی خبر کے ساتھ استعمال کیا گیا ہو؟

اَلرَّجُلَانِ الصَّيَّادَانِ جَالِسَانِ	دونوں شکاری آدمی بیٹھے ہیں
اَلْجَرَسَانِ الْكَبِيْرَانِ جَدِيْدَانِ	دونوں بڑے جرس نئے ہیں
اَلطَّبِيْبَانِ الْقَوِيَّانِ يَقْعُدَانِ فِي الْحَدِيْقَةِ	دونوں طاقتور ڈاکٹر باغیچہ میں بیٹھے ہیں
اَلْمَحَطَّتَانِ الْقَدِيْمَتَانِ نَنْتَظِرُ بِهِمَا لِلْاَصْدِقَاءِ	دونوں پرانے اسٹیشنوں پر ہم دوستوں کا انتظار کرتے ہیں
اَلْبَاخِرَتَانِ الْمُرْتَفِعَتَانِ غَرِقَتَا قَبْلَ يَوْمَيْنِ اَوْ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ	دونوں اونچے جہاز دو یا تین روز پہلے غرق ہوگئے

حل مشق ﴿۴﴾ پانچ جملے بنائیے جن میں موصوف، صفت کو جمع اور مذکر، مؤنث کو مبتداء بنا کر کسی خبر کے ساتھ استعمال کیا گیا ہو؟

اَلْمُشْرِكُوْنَ الْمَقْهُوْرُوْنَ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ	وہ مشرکین جن پر قہر کیا گیا ہے منجانب اللہ انکا ٹھکانہ جہنم ہے
اَلْاَوْلَادُ الصَّالِحُوْنَ يُصَلُّوْنَ الْفَجْرَ	نیک اولاد فجر کی نماز پڑھتے ہیں
اَلرِّجَالُ الْمُهَنْدِسُوْنَ حَاضِرُوْنَ	انجنیر آدمی حاضر ہیں
اَلْبَنَاتُ الْمُتَعَلِّمَاتُ يَجْتَهِدْنَ	طالبات محنت کرتی ہیں
اَلْاُمَّهَاتُ الْعَابِدَاتُ يَتَهَجَّدْنَ فِي اللَّيْلِ	عبادت گزار مائیں رات میں صلوٰۃ تہجد پڑھتی ہیں

حل مشق ﴿۴﴾ پانچ جملے ایسے لکھئے جن میں موصوف صفت غیر عاقل چیزوں کے جمع ہو اور انہیں مبتداء بنا کر استعمال کیا گیا ہو۔

اَلْاَقْلَامُ الْكَثِيْرَةُ فِي الْمِحْفَظَةِ	بستے میں بہت سے قلم ہیں
اَلْفَتَحَاتُ الْجَدِيْدَةُ فِي الْجِدَارِ	دیوار میں نئی روشندان ہیں
اَلْمَنَاضِدَةُ الطَّوِيْلَةُ مَوْجُوْدَةٌ	لمبے میزیں موجود ہیں
اَلْاَزْهَارُ الْحَمْرَاءُ مُفَتَّحَةٌ	سرخ پھول کھلے ہوئے ہیں
اَلْكُتُبُ الثَّمِيْنَةُ تُوْجَدُ فِي الْاَسْوَاقِ	قیمتی کتابیں بازاروں میں دستیاب ہیں

حل مشق ﴿۵﴾ اردو میں ترجمہ کیجئے؟

تھکا ماندہ کسان نفع بخش ہے	بیکار بچہ بُرا ہے	محنتی شاگرد پسندیدہ ہے
غمگین بیٹی بیٹھی ہے	خوشحال ماں کھڑی ہے	سرخ پھول کھلے ہوئے ہیں
سبز ٹہنی خوبصورت ہے	چھوٹی کھڑکی کھلی ہے	نیک اولاد پیاری ہے
سست کسان نقصان پانے والے ہیں	دونوں عالم آدمی نیک ہیں	موٹی گائیں دودھ دینے والی ہیں
دو کھلے ہوئے گلاب کے پھول خوبصورت ہیں	دو لمبی ٹہنیاں تازہ ہیں	پکے میوے مزیدار ہیں
نئے قلم مہنگے ہیں	طالبات لڑکیاں نیک ہیں	مہربان مائیں خوش ہیں
	بڑی کھڑکیاں کھلی ہیں	

حل مشق ﴿۶﴾ عربی میں ترجمہ کریں؟

اَلْوَلَدُ الْكَسْلَانُ غَيْرُ مُسْتَحْسَنٍ	اَلْمَاءُ الْبَارِدُ مُفِيْدٌ	اَلشَّايُ الْحَارُّ مُضِرٌّ

اَلْإِمْرَأَةُ السَّمِيْنَةُ تَبْكِيْ	اَلْبَنَاتُ الْهَزِيْلَاتُ قَائِمَاتٌ	اَلسَّيَّارَةُ الزَّرْقَاءُ جَمِيْلَةٌ
اَلْغُرُفَاتُ الْجَدِيْدَةُ كَبِيْرَةٌ	اَلسَّاعَاتُ الْجَيِّدَةُ غَالِيَةٌ	اَلدَّوَاتَانِ الْكَبِيْرَتَانِ مَمْلُوْئَتَانِ
اَلْأَطْفَالُ النَّظِيْفُوْنَ مَحْبُوْبُوْنَ	اَلْمُسَافِرُوْنَ الْمَنْهُوْكُوْنَ جَالِسُوْنَ	اَلْفَلَّاحُوْنَ النَّشِيْطُوْنَ مَسْرُوْرُوْنَ
اَلْمُعَلِّمُوْنَ الصَّالِحُوْنَ مُشْفِقُوْنَ	اَلْبَقَرَةُ الْبَيْضَاءُ حَلُوْبَةٌ	اَلرَّجُلُ الْأَمِيْنُ صَادِقٌ

حل مشق ﴿۷﴾: ذیل کی مثالوں میں مبتدا یا خبر کی جگہ پُر کیجئے اور اعراب لگائیے؟

اَلْوَلَدَانِ الصَّالِحَانِ جَالِسَانِ ، اَلدَّارُ وَاسِعَةٌ ، اَلْمَسْجِدُ الْكَبِيْرُ قَدِيْمٌ ، اَلْمَنَارَتَانِ عَالِيَتَانِ ، اَلرَّجُلُ الصَّادِقُ يَبِيْعُ ، هُمَا كَسْلَانَتَانِ ، هٰذِهِ السَّاعَةُ ثَمِيْنَةٌ ، أُولٰئِكَ الْمُعَلِّمُوْنَ حَاضِرُوْنَ ، مَسْجِدُ دَارِ الْعُلُوْمِ جَمِيْلٌ ، مَاءُ النَّهْرِ عَذْبٌ .تِلْكَ السَّاعَةُ مُضِيْئَةٌ ، صَدِيْقُنَا الطَّبِيْبُ

الدرس الخامس عشر

الخبر اذاكان اضافیاً

سوالات

سوال ﴿۱﴾: کیا مرکب اضافی خبر ہو سکتا ہے؟

جواب: ہاں مرکب اضافی خبر بھی ہو سکتا ہے۔

سوال ﴿۲﴾: خبر میں کن چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

جواب: خبر میں اس بات کا خیال رکھے کہ وہ تذکیر، تانیث، واحد، تثنیہ اور جمع میں مبتداء کے مطابق ہو۔

سوال ﴿۳﴾: رشاد تلمیذ المدرسۃ کی ترکیب کریں؟

جواب: رشاد مبتداء تلمیذ مضاف المدرسۃ مضاف الیہ مضاف مع مضاف الیہ مرکب اضافی خبر مبتداء با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حل مشق ﴿1﴾ دس جملے لکھئے جن میں مبتداء اسم اشارہ اور خبر مرکب اضافی ہو؟

هٰؤُلَاءِ قَوْمُنَا	یہ ہے ہماری قوم	ذَالِکَ قَلَمِیْ	وہ میرا قلم ہے
تِلْکَ سَاعَةُ زَیْدٍ	وہ زید کی گھڑی ہے	هٰذِهٖ مَحْفَظَةُ فَاطِمَةَ	یہ فاطمہ کا بستہ ہے
هٰذِهٖ عُطْلَةُ الصَّیْفِ	یہ گرمی کی چھٹی ہے	هٰذِهٖ هِدَایَةُ اللّٰهِ	یہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت ہے

أُولٰئِكَ مُشْرِكُوْا مَكَّةَ	وہ مکہ کے مشرکین ہیں	هٰذَا دِيْنُ الْإِسْلَامِ	یہ دین اسلام ہے
أُولٰئِكَ فَلَّاحُوْا الْبَاكِسْتَانِ	وہ پاکستان کے کاشت کار ہیں	تِلْكَ مَنَارَةُ قُطْبٍ	وہ قطب مینار ہے

حل مشق (۴) چودہ جملے لکھے جن میں مبتداء ضمیر ہو اور خبر مرکب اضافی ہو؟

هُوَ غُلَامُ زَيْدٍ	وہ زید کا غلام ہے	هِيَ كُرَّاسَةُ فَاطِمَةَ	وہ فاطمہ کی کاپی ہے
أَنْتَ عَمِّيْ	تو میرا چچا ہے	أَنْتُمْ مُسْلِمُوْا مِصْرَ	تم مصر کے مسلمان ہو
هِيَ صَنَادِيْقُ الْخَشَبِ	وہ لکڑی کی صندوقیں ہیں	هِيَ أَرْضُ الْهِنْدِ	وہ ہندوستان کی زمین ہے
أَنْتُمْ مُسَافِرُوْا الْكَرَاتْشِيْ	تم کراچی کے مسافر ہو	أَنْتَ مُعَلِّمُ الْمَدْرَسَةِ	تو مدرسے کے استاد ہو
نَحْنُ كَاتِبُوْا الرِّسَالَةِ	ہم خط لکھنے والے ہیں	أَنَا صَاحِبُ الْمَالِ	میں صاحب مال ہوں
أَنْتُمَا مُطِيْعَا وَالِدَيْكَ	تم دونوں ماں باپ کے تابعدار ہوں	هِيَ أَثْمَارُ الْبَاكِسْتَانِ	وہ پاکستان کے میوے ہیں
هُوَ بَيْتُ صَدِيْقِيْ	وہ میرے دوست کا گھر ہے	أَنْتَ بَائِعُ الْجَرِيْدَةِ	تو اخبار کا فروخت کرنے والا ہے

حل مشق ﴿۳﴾ دس جملے لکھیے جن میں مبتدا کوئی ظاہری لفظ ہو اور خبر مرکب اضافی ہو؟

زَيْدٌ مُطِيْعُ الْوَالِدِ	زید والد کا تابعدار ہے
شَاكِرٌ مُعَلِّمُ النَّاسِ	شاکر لوگوں کا استاد ہے
عَابِدٌ وَكِيْلُ الْعَوَامِ	عابد عوام کا سیکرٹری ہے
فَاطِمَةُ خَبَّازَةُ الْمَطْبَخِ	فاطمہ باورچی خانہ کی نان بائی ہے
رَشِيْدٌ غَيْرُ بَالِغٍ	رشید نابالغ ہے
عَمْرٌو مُؤَلِّفُ رِوَايَاتٍ	عمرو ناول نگار ہے
عَلِيٌّ نَائِبُ الرَّئِيْسِ	علی نائب صدر ہے
اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللّٰهِ	قرآن اللہ کی کتاب ہے
مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ	محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کا رسول ہے
عُمَرُ خَلِيْفَةُ الْمُؤْمِنِيْنَ	عمر (رضی اللہ عنہ) مومنوں کا خلیفہ ہے

حل مشق ﴿۴﴾ اردو میں ترجمہ کیجیے؟

قرآن اللہ کی کتاب ہے	محمد (ﷺ) اللہ کا رسول ہے	یہ مدرسہ کا باغیچہ ہے
وہ باغیچہ کا باغبان ہے	وہ آدمی میرا استاد ہے	وہ باغبان کا لڑکا ہے
وہ مدرسہ کی طالبات ہیں	وہ مدرسہ کی استانیاں ہیں	وہ گلاب کا درخت ہے
یہ گاجر کا کھیت ہے	وہ مچھلی کا تالاب ہے	یہ گھنٹہ بجانے کی ہتھوڑی ہے
یہ لکڑی کا صندوق ہے	یہ گھر کا دروازہ ہے	وہ میری کتاب ہے
یہ لیموں کا شربت ہے	وہ سبزیوں کا فروخت کرنے والا ہے	یہ میوہ فروش کی دوکان ہے

حل مشق ﴿۵﴾ عربی میں ترجمہ کیجئے؟

حَامِدٌ اَخِیْ	وَالِدِیْ مُعَلِّمُ مَدْرَسَةٍ	هٰذَاجَرَسُ الْمَدْرَسَةِ
هٰذَاجَرَسُ مُدَرِّسٍ	هُوَ فِنْجَانُ الشَّايِ	هٰذَاكَأْسُ الشَّرَابِ
اَنْتُمْ بَائِعُوا الْجَرَائِدِ	اُولٰئِكَ مُعَلِّمُوْا الْمَدْرَسَةِ	اَلْاِسْلَامُ دِيْنُ اللّٰهِ
هٰذَااَخُوْخَالِدٍ	تِلْكَ الْبِنْتُ اُخْتُ الْمَاجِدِ	ذَالِكَ الرَّجُلُ مُؤَذِّنُ الْمَسْجِدِ
هٰذَادُكَّانُ الْخُضَرِيِّ	نَحْنُ صَيَّادُوْ السَّمَكَةِ	هٰذِهٖ وَرْدَةٌ

حل مشق ﴿۷﴾ مندرجہ ذیل الفاظ گزشتہ سبق میں پڑھے ہوئے کچھ الفاظ کی جمع ہیں آپ ان کا مفرد تلاش کریں پھران کے معنی کیجئے اور انہیں مبتدا خبر جملوں میں استعمال کریں؟

هَزِيْلٌ	دبلا	سَعِيْدٌ هَزِيْلٌ بِجِسْمِهٖ
اَلتَّاجِرُ	تجارت کرنے والا	اَلتَّاجِرُ ذَهَبَ
اَلنُّوْرُ	روشنی	اَلنُّوْرُ رَفَعَ بِنَا
اَلضَّعِيْفُ	کمزور	عَمِّيْ ضَعِيْفٌ جِدًّا

الدرس السادس عشر

الخبر اذا کان مرکبا توصیفیا

التمرینات

حل مشق ﴿۱﴾ پانچ جملے بنائیں جن میں موصوف صفت کسی اسم اشارہ کی خبر ہو۔

هٰذِهٖ سَاعَةٌ ثَمِيْنَةٌ	یہ قیمتی گھڑی ہے	هٰذَا رَجُلٌ عَالِمٌ	یہ عالم آدمی ہے
هٰذَا مَاءٌ عَذْبٌ	یہ میٹھا پانی ہے	اُولٰئِکَ رِجَالٌ صَالِحُوْنَ	وہ نیک آدمی ہے
هٰذَا بَابٌ قَدِيْمٌ	یہ پرانا دروازہ ہے		

حل مشق ﴿۲﴾ پانچ جملے بنائیں جن میں موصوف صفت کسی ضمیر کی خبر ہو۔

هُوَ بَابٌ جَدِيْدٌ	وہ ایک نیا دروازہ ہے	هُوَ سَرِيْرٌ طَوِيْلٌ	وہ ایک لمبی چارپائی ہے
هِيَ تِلْمِيْذَةٌ مُجْتَهِدَةٌ	وہ ایک محنتی طالبہ ہے	هِيَ زَهْرَةٌ جَمِيْلَةٌ	وہ ایک خوبصورت پھول ہے
اَنْتَ رَجُلٌ عَالِمٌ	تو ایک عالم آدمی ہے		

حل مشق ﴿۳﴾ : پانچ جملے ایسے بنایئے جن میں موصوف صفت کسی ظاہری لفظ کی خبر ہو؟

اَلسِّبَاحَةُ رِيَاضَةٌ حَسَنَةٌ	تیرنا ایک اچھی ورزش ہے	زَيْدٌ رَجُلٌ مُهَنْدِسٌ	زید ایک انجینئر آدمی ہے

عَائِشَةُ بِنْتٌ مُتَعَلِّمَةٌ	عائشہ ایک طالبہ بچی ہے	زَيْنَبُ عَمَّةٌ حَزِيْنَةٌ	زینب غمگین پھوپی ہے

اَلتَّلِيْفُوْنُ اِخْتِرَاعٌ جَدِيْدٌ	ٹیلیفون ایک نئی ایجاد ہے

حل مشق ﴿۴﴾ پانچ جملے ایسے بنایئے جن میں مبتداء موصوف صفت یا مضاف الیہ یا اشارہ مشارالیہ ہو اور خبر موصوف صفت ہو؟

اَلسَّاعَةُ الثَّمِيْنَةُ سَاعَةٌ جَيِّدَةٌ	قیمتی گھڑی ایک عمدہ گھڑی ہے
خَصَّالُ سَعِيْدٍ رَجُلٌ عَالِمٌ	سعید کا قلی ایک عالم آدمی ہے
ذَالِكَ الْقُرْآنُ كِتَابٌ مُقَدَّسٌ	وہ قرآن کریم ایک مقدس کتاب ہے
ذَالِكَ الْبُسْتَانِيُّ رَجُلٌ اَمِيْنٌ	وہ باغبان ایک امانت دار آدمی ہے
خَلِيْلُ الشَّيْطٰنِ رَجُلٌ خَاسِرٌ	شیطان کا دوست ایک نقصان پانے والا آدمی ہے

حل مشق ﴿۵﴾ اردو میں ترجمہ کیجئے؟

سبزی فروش ایک امانت دار آدمی ہے	حامد ایک نیک آدمی ہے	اسلام ایک سیدھا دین ہے
یہ ایک مہنگی گھڑی ہے	وہ انگوٹھی چاندی کی ہے	جامعہ فاروقیہ ایک بڑا مدرسہ ہے
حامد ایک چست لڑکا ہے	یہ نیک آدمی ہے	وہ بچی مؤمن عورت ہے
وہ حکم دینے والا تاجر ہے	وہ دو طاقتور آدمی ہیں	تم دونوں چست کسان ہوں
یہ ایک تنگ گھر ہے	وہ ایک بڑا دروازہ ہے	تم دونوں موٹی عورتیں ہوں

وہ دونوں عورت محنتی شاگرد ہیں	قرآن ایک مقدس کتاب ہے

حل مشق ﴿٦﴾ عربی میں ترجمہ کیجئے؟

هٰذِهٖ سَاعَةٌ	تِلْكَ حَدِيْقَةٌ جَمِيْلَةٌ	حَامِدٌ رَجُلٌ قَوِيٌّ	أَخِيْ تِلْمِيْذٌ مُجْتَهِدٌ
صَدِيْقُكَ تِلْمِيْذٌ مُهْمَلٌ	وَالِدُ مَحْمُوْدٍ رَجُلٌ صَالِحٌ	هٰؤُلَاءِ فَلَّاحُوْنَ مُجْتَهِدُوْنَ	أُوْلٰئِكَ فَلَّاحُوْنَ كُسَالٰى
هٰذَا قَلَمٌ ثَمِيْنٌ	تَانِكَ مَنَارَتَانِ طَوِيْلَتَانِ	هٰذِهٖ دَوَاةٌ مَمْلُوْءَةٌ	ذَالِكَ مَسْجِدٌ جَمِيْلٌ
اِقْبَالٌ شَاعِرٌ اِسْلَامِيٌّ	هٰذِهٖ جَرِيْدَةٌ عَرَبِيَّةٌ	خَالِدٌ وَرَاشِدٌ وَلَدَانِ مُجْتَهِدَانِ	هٰذِهٖ فَوَاكِهُ طَرِيَّةٌ

حل مشق ﴿٧﴾ مکمل کیجئے اور اعراب لگایئے؟

هُوَ الْفَلَّاحُ التَّعْبَانُ ، هُوَ الشَّايُ الْحَارُّ، هٰذَا لَحْمٌ طَرِيٌّ ، ذَالِكَ لَبَنٌ بَارِدٌ ، ذَالِكَ مَاءٌ عَذْبٌ، هٰذَا وَلَدٌ حَزِيْنٌ ،تِلْكَ أُمٌّ مَسْرُوْرَةٌ، هٰذِهٖ تِجَارَةٌ رَابِحَةٌ ، زَيْنَبُ بِنْتٌ مُتَعَلِّمَةٌ ، هٰذِهٖ زَهْرَةٌ جَمِيْلَةٌ

حل مشق ﴿٨﴾ درج ذیل جملوں کو صحیح لکھئے؟

هٰذِهٖ نَافِذَةٌ صَغِيْرَةٌ	ذَالِكَ فَرَسٌ جَيِّدٌ	هُوَ رَجُلٌ قَصِيْرٌ
هُمَا امْرَأَتَانِ جَمِيْلَتَانِ	ذَالِكَ ثَمَرٌ نَاضِجٌ	ذَانِكَ قَلَمَانِ جَيِّدَانِ

الدرس السابع عشر

الخبر اذا كان مركبا من الجار والمجرور

سوالات

سوال﴿۱﴾ کیا جار مجرور مل کر خبر بن سکتے ہیں؟

جواب: جار مجرور خبر بن سکتے ہیں۔

سوال﴿۲﴾ جار مجرور مل کر اگر خبر ہے تو اردو میں اسکا ترجمہ کس طرح کیا جاتا ہے، مثال سے واضح کریں؟

جواب: جار مجرور ملکر اگر خبر ہے تو اردو میں سکا ترجمہ یوں ہوگا مثلاً آپ اردو میں کہیں "گھر میں مرد ہے یا مرد گھر میں ہے۔ ان دونوں جملوں کا عربی میں ترجمہ ہوگا فی الدار رجل، الرجل فی الدار

التمرینات

حل مشق﴿۱﴾ پانچ جملے بنائیں جن میں جار مجرور مبتداء کی جگہ ہو اور خبر مذکر، واحد، تثنیہ اور جمع ہو؟

فِی الدَّارِ رَجُلٌ صَالِحٌ	گھر میں ایک نیک مرد ہے
فِی الْغُرْفَةِ كِتَابَانِ	کمرے میں دو کتابیں ہیں
فِی الْمَدْرَسَةِ اَطْفَالٌ	مدرسہ میں بچے ہیں
فِی الْبَيْتِ مَنَاضِدُ	گھر میں میزیں ہیں
عَلَى السَّقْفِ حَجَرٌ	چھت پر پتھر ہیں

حل مشق ﴿۲﴾ پانچ جملے بنائیں جن میں جار مجرور مبتداء کی جگہ ہو اور خبر مؤنث (واحد، تثنیہ، جمع) ہو؟

عَلٰی رَأْسِ صَدِیْقِکَ قُلَنْسُوَۃٌ	تیرے دوست کے سر پر ٹوپی ہے
عَلٰی نَافِذَۃِ الْغُرْفَۃِ سِتَارَتَانِ	کمرے کی کھڑکی پر دو پردے ہیں
بِأَیْدِی الْأَصْدِقَاءِ سَاعَاتٌ ثَمِیْنَۃٌ	دوستوں کے ہاتھوں پر قیمتی گھڑیاں ہیں
لِلْمَسْجِدِ غُرْفَتَانِ کَبِیْرَتَانِ	مسجد کے لئے دو بڑے کمرے ہیں
فِیْ مِحْفَظَۃِ زَیْدٍ کُرَّاسَاتٌ کَثِیْرَۃٌ	زید کے بستہ میں بہت سی کاپیاں ہیں

حل مشق ﴿۳﴾ پانچ جملے ایسے بنائیں جن میں جار مجرور خبر ہوں اور مبتداء کوئی مفرد لفظ بن رہا ہو؟

زَیْدٌ فِی السُّوْقِ	زید بازار میں ہے
اَلْمُسَافِرُ عَلَی الدَّرَّاجَۃِ	مسافر سائیکل پر ہے
مَنْصُوْرٌ فِیْ غُرْفَۃِ صَدِیْقِہٖ	منصور اپنے دوست کے کمرے میں ہے
اَلْأُسْتَاذُ فِیْ فَصْلِ الْمَدْرَسَۃِ	استاد مدرسہ کی کلاس میں ہے
نَحْنُ فِیْ مَکَّۃَ	ہم مکہ میں ہیں

حل مشق ﴿۴﴾ پانچ جملے ایسے بنائیں جن میں جار مجرور خبر ہو اور مبتداء کوئی تثنیہ بن رہا ہو؟

اَلْمُعَلِّمَانِ فِی الْمَسْجِدِ	دونوں استاد مسجد میں ہیں
اَلدِّرْھَمَانِ فِیْ جَیْبِ الْعَمِّ	چچا کی جیب میں دو درہم ہیں
اَلْکِتَابَانِ فِی الْمِحْفَظَۃِ	بستہ میں دو کتابیں ہیں
اَلْقَدَحَانِ الْجَمِیْلَانِ فِی الْفُنْدُقِ	ہوٹل میں دو خوبصورت پیالے ہیں
اَلرَّغِیْفَانِ فِی الْمَطْبَخِ	باورچی خانہ میں دو روٹیاں ہیں

حل مشق ﴿۵﴾ پانچ جملے بنائیں جن میں جار مجرور خبر ہو اور مبتداء جمع ہو؟

اَلْمُؤَذِّنُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ	اذان دینے والے مسجد میں ہیں
اَلْمُسْلِمُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ	مسلمان شہر میں ہیں
اَلْاَوْلَادُ فِي النَّهْرِ	بچے نہر میں ہیں
اَلتَّلَامِيْذُ/اَلتِّلْمِيْذُوْنَ عَلٰى سَقْفِ الْمَدْرَسَةِ	شاگرد مدرسہ کی چھت پر ہیں .

حل مشق ﴿٦﴾ اردو میں ترجمہ کیجئے؟

استاد مدرسہ میں ہے	میری ماں باورچی خانہ میں ہے	امام مسجد کے لئے ایک بڑا کمرہ ہے
بستہ میں ایک پنسل تراش ہے	کاپی پر خالد کی کتاب پڑی ہے	مدرسہ میں ایک خوبصورت باغیچہ ہے
دکان میں دروازہ ہے	میوہ فروش کی دکان میں عمدہ میوے ہیں	میرے دوست کے کمرے میں دیوار کی کھڑکی ہے
کھڑکی پر خوبصورت پردہ ہے	مسافر پلیٹ فارم پر ہیں	

حل مشق ﴿٧﴾ عربی میں ترجمہ کیجئے؟

اُسْتَاذِيْ فِيْ فَصْلِهٖ/صَفِّهٖ	وَالِدُكَ فِي السُّوْقِ	اَلْكِيْسُ/اَلْحَقِيْبَةُ فِيْ يَدِيْ
فِي الْحَقِيْبَةِ كُتُبٌ جَيِّدَةٌ	قَلَمُكَ عَلٰى كُرَّاسَتِيْ	وَلِحَدِيْقَةِ مَدْرَسَتِنَا بُسْتَانِيٌّ نَشِيْطٌ
فِيْ غُرْفَتِنَا مَائِدَةٌ كَبِيْرَةٌ/طَاوِلَةٌ كَبِيْرَةٌ/مَكْتَبٌ كَبِيْرَةٌ	اَلْمُسَافِرُوْنَ فِيْ غُرْفَةِ الْاِنْتِظَارِ	

اَلْبِشَارَةُ الْجَمِيْلَةُ عَلَى النَّافِذَةِ الْكَبِيْرَةِ	أَخِيْ فِيْ مَكْتَبِهِ رَدِيْئَانِ	اَلْأَبُ فِي الْمَكْتَبَةِ
فِيْ دُكَّانِ الْخُضَرِيِّ خَضْرَاوَاتٌ نَضِيْرَةٌ رَطْبَةٌ		فَوَاكِهُ جَيِّدَةٌ فِيْ دُكَّانِ الْفَاكِهِيِّ

التمرين العام

حل مشق ﴿۱﴾: سابقہ قواعد وضوابط کی روشنی میں مندرجہ ذیل عبارتوں کا ترجمہ کیجئے؟

مسجد: ہم ایک پرانے چھوٹے شہر میں رہتے ہیں۔ ہمارے گھر کے پڑوس میں ایک بڑی مسجد ہے۔ اس کیلئے ایک مرکزی دروازہ ہے۔ مسجد کی دیواریں بلند ہیں اور اس کا صحن وسیع وکشادہ ہے۔ مسجد کیلئے دو منارے ہیں۔ منارا ونچے ہیں۔ مناروں کے درمیان ایک بڑا گنبد ہے۔ وہ گنبد خوبصورت ہے یہ دونوں کمرے ہیں۔ بڑا کمرہ امام کیلئے ہے اور چھوٹا کمرہ مؤذن کیلئے ہے۔ بڑے کمرے کی چابی امام کے ساتھ ہے اور چھوٹے کمرے کی چابی مؤذن کے ساتھ ہے۔ امام کے کمرے کو تالا لگا ہے اور اسکی کھڑکی کھلی ہے۔ مؤذن کا کمرہ کھلا ہے اور اسکی کھڑکی بند ہے۔ مؤذن کے کمرے کی کھڑکی پر سرخ پردہ ہے۔ وہ پردہ بے کار ہے۔

حل مشق ﴿۲﴾:

الفصل ﴿کلاس﴾

میں ایک طالب علم ہوں، ایک بڑے مدرسے میں۔ میرا نام عبداللہ ہے۔ میرے لئے ایک وفادار مخلص دوست ہے۔ اسکا نام محمد ہے۔ میں اور محمد دونوں شاگرد ہیں۔ ہم مدرسے کی کلاس میں ہیں۔ یہ کلاس خوبصورت ہے۔ اس کی دیواریں مضبوط ہیں، در کھڑکیاں بڑی ہیں اور دروازے لکڑی کے ہیں۔ دیوار پر تختہ سیاہ ہے۔ شاگرد چٹائی پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ انکے آگے لمبے ڈیسک ہیں۔ استاد چٹائی پر بیٹھا ہوا ہے۔ اسکے آگے ایک چھوٹا ڈیسک ہے۔ شاگردوں کے ساتھ کتابیں ہیں اور کاپیاں اور قلم ہیں۔ وہ باادب ہیں اور محنتی ہیں اور انکے اساتذہ مہربان ہیں۔

حل مشق ﴿۳﴾: بازار

شہر میں ایک بڑا بازار ہے، اسمیں بہت سے دکانیں ہیں، یہ سبزیوں کی دکان ہے، وہ میووں کی دکان ہے، میووں کی دکان مشہور ہے، اسمیں مختلف بہت سے میوے ہیں، میووں کی شکلیں عمدہ ہیں، اس کا رنگ خوبصورت ہے، اسکی قیمت کم ہے، اسکا کھانا مزیدار ہے، میووں کی دکان کے پڑوس میں سبزیوں کی دکان ہے، میں سبزیوں کی دکان کے آگے ہوں۔ اسمیں آلو، گاجر، ٹماٹر، بینگن، کدو ہیں، یہ سبزیاں تازہ ہیں، سبزی فروش کے آگے ٹوکریاں ہیں، ہر ٹوکری میں سبزی ہے، یہ ہوٹل صاف ستھرا ہے، اسکا نظام عمدہ ہے، اس کی جگہ پر سکون ہے، اس کی قیمت کم ہے، اس کا کھانا مزیدار ہے، اسکے پڑوس میں ایک خوبصورت قہوہ خانہ ہے، قہوہ خانہ کے ساز وسامان صاف ستھرے ہیں۔

حل مشق ﴿۴﴾: باغیچہ

مدرسے میں ایک کشادہ باغیچہ ہے، باغیچہ میں بڑے درخت ہیں، درختوں پر پھول ہیں، پھولوں کے رنگ خوبصورت ہیں، اسکی شکلیں مختلف ہیں، سکی خوشبو پاکیزہ ہے، یہ پھول گلاب کا ہے، وہ پھول چنبیلی کا ہے۔ یہ پھول بنفشہ کا ہے، وہ پھول چنبیلی کا ہے، (یعنی چنبیلی جیسا ہے) باغیچہ کیلیے ایک کشادہ تالاب ہے، تالاب پانی سے بھرا ہوا ہے، تالاب کی جانب پر بجلی کا ستون ہے، تالاب میں مچھلی ہے اسکا رنگ نیلا، زرد، سرخ اور سفید ہے، پھول پر ایک خوبصورت تتلی ہے، وہ ایک چھوٹا پرندہ ہے اس کے لیے دو ہلکے بازو ہیں، تتلی پھول کی دوست ہے۔

الدرس الثامن عشر

پہلا جلسہ/پہلا نشست

قاضی: اللہ کے نام سے جلسے کا افتتاح کرتا ہوں اسکا افتتاح اللہ تعالیٰ کے قول کیساتھ کرتا ہوں اور جب فیصلہ کرنے لگو لوگوں میں تو فیصلہ کرو انصاف سے۔(الآیۃ)

مدعی: آپکے سامنے ہوں یا قاضی صاحب

قاضی: تمھارا نام کیا ہے؟ اور کیا کام کرتے ہو؟

مدعی۔ میرا نام ناصر ہے اور تجارت کا کام کرتا ہوں۔

قاضی: کیا فیصلہ ہے تمھارا؟

مدعی: میرے ایک گائے گم ہوگئی ہے۔

قاضی۔ اور کون ہے جس پر تو دعویٰ کرتے ہو گائے کی چوری کے الزام کے ساتھ۔

مدعی۔ میں دعویٰ کرتا ہوں اپنے پڑوسی پر جو یہ ہے۔

قاضی: اور کہاں ہے مدعی علیہ؟

مدعی علیہ: میں آپکے سامنے کھڑا ہوں۔ قاضی صاحب۔

قاضی: تمھارا نام کیا ہے؟ اور کیا کام کرتے ہو؟

مدعی علیہ: میرا نام خالد ہے اور میں تجارت کا کام کرتا ہوں۔

قاضی۔ کیا رائے ہے تمھاری اس الزام کے بارے میں جو تمھاری طرف متوجہ ہے؟ کیا تو نے گائے چوری کی ہے؟

مدعی علیہ: نہیں، قاضی صاحب میں نے گائے چوری نہیں کی اور میں بری ہوں اس الزام سے۔

قاضی مدعی کو: کب پہچان لیا تو نے کہ گائے گم ہو گئی ہے؟

مدعی: گذشتہ جمعرات کے دن شام نو بجے سے۔

قاضی مدعی علیہ کو: تو کہاں تھا گذشتہ جمعرات کے دن شام نو بجے۔

مدعی علیہ: میں گھر میں تھا اپنے خاندان کیساتھ۔

قاضی: کون گواہی دے گا اس پر؟

مدعی علیہ: گواہی دیگا میرا خاندان اور پڑوسی۔

قاضی مدعی کو: مدعی علیہ کے بارے میں کیسی شبہات قائم ہوئیں؟

مدعی: وہ حاضر ہوئے اس حال میں کہ وہ میرے گھر کے ارد گرد گھوم رہا تھا پس پولیس نے اسکے بارے میں شبہ کیا۔

قاضی: کب حاضر ہوئے جرم کی جگہ پر؟

مدعی: صبح جمعہ کے دن۔

قاضی: مدعی کے پاس اور دلائل ہیں؟ آیا تیرے پاس شواہد ہیں؟

مدعی: میرے اور مدعی علیہ کے درمیان ایک نزاع تھی ایک تجارتی معاملہ میں۔

قاضی مدعی علیہ کو: کیا کر رہا تھا تو مدعی کی گھر کے ارد گرد۔

مدعی علیہ: کچھ نہیں کر رہا تھا۔ میں اپنا راستہ معلوم کرنے کے لئے گزر رہا تھا اور میں نے ایک ہجوم کو دیکھا پس میں کھڑا ہوا اس حال میں کہ پوچھنے والا تھا، اچانک پولیس نے میرے گریبان کو پکڑ لیا۔

قاضی: کیا تمھارے اور مدعی کے درمیان میں کوئی نزاع تھی؟

مدعی علیہ: جی ہاں ہمارے درمیان میں نزاع تھی لیکن ہم نے کئی دنوں سے مسجد میں صلح کیا اللہ تعالیٰ کے قول پر عمل کرنے کی وجہ سے (اور صلح زیادہ بہتر ہے)

قاضی مدعی علیہ کو: کیا کچھ کہنے کا ارادہ ہے؟

مدعی علیہ جی ہاں، میرے متعلق جو شبہ قائم ہو گیا ہے ظن کے طور پر ہے۔ یقینی طور پر نہیں، تحقیق میں دور تھا جرم کی جگہ سے، جب وہ واقع ہوئی پس کیسے میں مجرم ہوا۔

قاضی! آیا تیرے پاس کوئی دلیل ہے جو تو کہتا ہو

مدعی علیہ! جی ہاں میرے پاس گواہوں کی شہادت ہے

قاضی! ان شاء اللہ کل کی نشست میں گواہوں کی سنیں گے

نشست برخاست ہوئی۔

الجلسة الثانية /دوسری نشست

کم ، کیف ، ھل

عدالت فیصلہ کی نشست دوبارہ شروع کرتی ہے۔

قاضی مدعی علیہ کو، تمہارے پاس کتنے گواہ ہیں؟

مدعی علیہ، دو گواہ، میرے پڑوسی، اور گھر کا چوکیدار۔

قاضی، گواہ اول کو بلاتا ہے۔ گواہ اول حاضر ہوتا ہے۔

قاضی، تم کون ہو، قاضی، کیا دیکھا تم نے؟

شاہد، میں نے مدعی علیہ کو دیکھا اسکے گھر میں جب میں اس سے ملاقات کر رہا تھا۔

قاضی، کب تھی وہ، شاہد، جمعرات کی شام میں، میں نے اسکی زیارت کی نو بجے کے قریب۔

قاضی، کیسے تم نے پہچان لیا کہ نو بجے تھے۔

شاہد، میں اس وقت داخل ہوا جب خبر نگار خبریں نشر کر رہا تھا، وہ نو بجے شروع ہوتی ہیں۔

قاضی، اسکے ساتھ ملاقات میں آپ نے کتنا وقت گزارا؟

شاہد، نو بجے سے لے کر دس بجے تک وقت گزارا۔

قاضی، کیا تمہارے پڑوسی نے اس زمانے میں گھر چھوڑا تھا۔

شاہد، نہیں، گھر نہیں چھوڑا تھا۔ تحقیق وہ میرے ساتھ کافی وقت موجود تھے۔

قاضی، دوسرے گواہ کو بلاتا ہے۔ دوسرا گواہ حاضر ہوتا ہے۔

قاضی، اس فیصلے کے بارے میں تمہیں کیا معلوم ہے؟

شاہد، میں وثوق سے کہتا ہوں کہ مدعی علیہ کی جب گائے گم ہوئی تھی تو وہ اس وقت اپنے گھر میں تھا۔

قاضی، کیسے پہچان لیا تم نے کہ وہ اپنے گھر میں تھا۔

شاہد، مجھے علم ہے کہ میرا پڑوسی اس وقت اس کے پاس موجود تھا تو اس وقت گائے گم ہوئی۔

قاضی مدعی علیہ کو، کیا تمہارے پاس مزید دلائل موجود ہیں جو ہم نے سنیں ان کے علاوہ۔

مدعی علیہ، میں بری ہوں اور میں آسانی سے اپنی آزادی طلب کرتا ہوں۔

اور اس لمحہ میں ایک آدمی داخل ہوتا ہے اور قاضی سے کلام میں نرمی طلب کرتا ہے۔ پس قاضی اس کو اجازت دیتا ہے۔

قاضی، تم کون ہو؟

آدمی، میں پڑوسی ہوں اس آدمی کا جس پر آپ گائے لینے کا حکم صادر کرتے ہیں۔

قاضی، اس بارے میں تمھیں کو کیا علم ہے؟

آدمی، میں نے خبر لی ایک حیوانات کے باڑہ کی، جو میرے گھر کے آس پاس تھا، پس میں نے اپنے اجنبی پڑوسیوں سے پوچھا کہ یہ گائے کس کی ہے، تو انہوں نے بتایا کہ وہ گائے میرے پڑوسی کی ہے جو اس سے گم ہوئی ہے۔

قاضی، آپ کی اس امانت کا شکریہ، صبر کرا اور گائے کہاں ہے؟

آدمی، میں نے گائے عدالت کے باہر اپنے ساتھ حاضر کیا ہے۔

قاضی مدعی کو، باہر جاؤ اور ہمیں خبر دو کہ آیا وہ گائے آپ کی ہے۔

مدعی نکلتا ہے ایک آدمی کے ساتھ اور تیسرا گواہ ان کے ساتھ دوبارہ آتا ہے۔

مدعی، ہاں جناب قاضی صاحب یہ گائے میری ہے اور میں اس کا مالک ہوں۔

قاضی، تبادلہ خیال کرتا ہے اپنے مشیروں سے عدالتی بینچ پر، پھر کہتا ہے تحقیق حق ظاہر ہو گیا اور اسکو دلائل نے قوت دی اور ہم نے حکم دیا مدعی علیہ کے بری ہونے کا اس الزام سے جو اسکو منسوب تھا اور وہاں مدعی آگے بڑھتا ہے قاضی کو اور کہتا ہے میں نے ظلم کیا اپنے پڑوسی پر ظن کی بنیاد پر، نہ کہ یقینی طور پر، اور اللہ تعالیٰ نے سچ کہا ہے (بے شک بعض تہمت گناہ ہے) اور میں اپنے پڑوسی سے عدالتی بینچ کے سامنے یہ طلب کرتا ہوں کہ میرے ساتھ درگزر کا معاملہ کرلے۔

مدعی علیہ، جب میرے بری ہونا آپکے سامنے ظاہر ہو گیا تو میں اپنے پڑوسی سے نرم برتاؤ کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے اور امید ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے قبول فرمائے۔

الاسئلة

سوال ﴿۱﴾ سوال کرنے کے لئے عربی میں جو الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں ان میں چار الفاظ ذکر کریں؟

جواب: سوال کرنے کے لئے عربی میں یہ الفاظ استعمال ہوتے ہیں جیسے ھل، أ، من، ما

سوال ﴿۲﴾ عربی میں کتنے حروف استفہام کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں؟

جواب. ھل، أ یہ دونوں حروف استفہام ہیں باقی آسمائے استفہام ہیں۔

سوال ﴿۳﴾ کلمات استفہام سے جملے میں کیا معنی پیدا ہوتے ہیں؟

جواب: کلمات استفہام سے جملے میں استفہام کے معنی پیدا ہوتے ہیں۔

التمرينات

حل مشق ﴿۱﴾ : اردو میں ترجمہ کریں؟

یہ کیا ہے؟	یہ گاڑی ہے۔	یہ کیا ہے؟	یہ بس ہے
آیا وہ سائیکل ہے؟	ہاں وہ سائیکل ہے۔	وہ کیا ہے؟	وہ ٹینک ہے
یہ آدمی کون ہے؟	یہ ڈاکیہ ہے۔	مہتمم کہاں ہے؟	مہتمم دفتر میں ہے
تو مدرسے کو کب جائے گا؟	میں صبح جاؤں گا۔	تمہارا قلم کہاں ہے؟	میرا قلم بستہ میں ہے
کتنے درہم پر تو نے خریدا ہے؟	سات درہم پر۔		

حل مشق ﴿۲﴾ : عربی میں ترجمہ کریں؟

مَا تِلْکَ عَلَی الْغُصْنِ	تِلْکَ زَهْرَةٌ	مَا فِیْ تِلْکَ السَّمَآءِ	ذَالِکَ سَحَابٌ مُمْطِرٌ
هَلِ النَّجْمُ مُتَلَأْلِأٌ	نَعَمْ اَلنَّجْمُ مُتَلَأْلِأٌ	کَمْ رُوْبِیَةً عِنْدَکَ	عِنْدِیْ مِأَةُ رُوْبِیَةٍ
مَتٰی تَجِیْئُوْنَ اِلَیْنَا	اِنْشَاءَ اللّٰهُ نَجِیْئُوْنَ اِلَیْکُمُ الْجُمُعَةَ	کَمْ عُمْرًا لَکَ	عُمْرِیْ ثَمَانِیَ عَشْرَةَ سَنَةً
کَمْ طَالِبًا فِیْ صَفِّکُمْ	فِیْ صَفِّنَا اَرْبَعُوْنَ طَالِبًا	اَیْنَ الْقِدْرُ وَالْمِرْکَنُ	اَلْمِرْکَنُ فِی الْحَمَامِ وَالْقِدْرُ فِی الْمَطْبَخِ

حل مشق ﴿۳﴾ : پانچ پانچ جملے عربی میں ایسے بنائیں جن میں هل، این، متٰی، کم، لما ذا، من اور ما استعمال ہوا ہو۔

(۱)هَلِ الْقَلَنْسُوَةُ جَدِیْدَةٌ ؟ نَعَمْ اَلْقَلَنْسُوَةُ جَدِیْدَةٌ .

(۲)هَلْ خَالُکُمْ حَاضِرٌ ؟ نَعَمْ خَالُنَا حَاضِرٌ

(۳)هَلِ الْحَوْضُ مَمْلُوْءٌ مِنَ الْمَآءِ ؟ لَا اَلْحَوْضُ لَیْسَ بِمَمْلُوْءٍ مِنَ الْمَآءِ

(۴)هَلْ فَازَ بَکْرٌ فِی الْاِمْتِحَانِ ؟ لَا بَلْ رَسَبَ فِی الْاِمْتِحَانِ

(۵)هَلْ جَآءَ جَرَّاحٌ (آپریشن کرنے والا) ؟نَعَمْ جَآءَ جَرَّاحٌ

(۱)اَیْنَ السَّیَّارَةُ ؟ اَلسَّیَّارَةُ عَلَی الشَّارِعِ

(۲)اَیْنَ زَیْدٌ ؟ زَیْدٌ فِی الْبَیْتِ

(۳)اَیْنَ الْمُدِیْرُ ؟ اَلْمُدِیْرُ فِی الصَّفِّ

(۴)اَیْنَ الْیَدُ ؟ اَلْیَدُ فِیْ جَیْبِکَ

(۵)أَيْنَ الْجَرِيْدَةُ ؟ اَلْجَرِيْدَةُ فِيْ يَدِ الْأُسْتَاذِ

(۱)مَتٰى تَذْهَبُ إِلَى السُّوْقِ ؟ أَذْهَبُ إِلَى السُّوْقِ بَعْدَ الْعِشَاءِ

(۲)مَتٰى تَأْكُلُ الْخُبْزَ ؟أٰكُلُ الْخُبْزَ الْآنَ

(۳)مَتٰى يَشْرَعُ الْاِمْتِحَانُ ؟يَشْرَعُ الْاِمْتِحَانُ فِيْ رَأْسِ الْأُسْبُوْعِ الْآتِيْ

(۴)مَتٰى تَرْجِعُ يَا صَدِيْقِيْ مِنَ الْمَدْرَسَةِ ؟أَرْجِعُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ بَعْدَ وَقْتٍ قَلِيْلٍ

(۵)مَتٰى تَفْرَحُ يَا أَخِيْ ؟أَفْرَحُ إِذَا فُزْتُ فِي الْاِمْتِحَانِ بِأَرْقَامٍ عَالِيَةٍ

-

(۱) كَمْ صَدِيْقًا لَكَ ؟ لِيْ صَدِيْقٌ وَاحِدٌ فَقَطْ

(۲) كَمْ طَالِباً فِيْ كُلِّيَّتِكُمْ ؟ فِيْ كُلِّيَّتِنَا أَرْبَعْمِائَةٍ وَّخَمْسَةٌ وَّعِشْرُوْنَ طَالِبًا

(۳) كَمْ قَلَماً فِيْ مِحْفَظَتِكَ ؟ فِيْ مِحْفَظَتِيْ قَلَمٌ وَاحِدٌ

(۴) كَمْ عُمْراً لِأَخِيْكَ ؟ وَعُمْرُ أَخِيْ أَرْبَعَ عَشَرَةَ سَنَةً

(۵) كَمْ دِرْهَماً فِيْ جَيْبِ أَبِيْكَ ؟ فِيْ جَيْبِ أَبِيْ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ

-

(۱) لِمَا ذَا تَحْضُرُ إِلَى الدَّكَاكِيْنِ مِنَ الْكَرَاتْشِيْ ؟ لِأَشْتَرِيَ الْأَشْيَاءَ

(۲) لِمَا ذَا تَرْسُبُ فِي اخْتِبَارِ الْمَدْرَسَةِ ؟ أَرْسُبُ لِأَنِّيْ لَيْسَ بِزَكِيٍّ

(۳) لِمَا ذَا تَأْكُلُ الْكُمَثْرٰى ؟ يُمْكِنُ أَنْ يُفْسِدَ مِعْدَتِيْ

(۴) لِمَاذَا لَاتَشْتَرِي الْمِرْكَنَ ؟لِأَنَّ الْمِرْكَنَ الْجَدِيْدَ قَدْ وَهَبَنِيْ صَدِيْقٌ بِالْأَمْسِ

(۵) لِمَا ذَا أَجِدُكَ غَيْرَ حَاضِرٍ ؟لِأَنِّيْ مَرِيْضٌ مِنَ الْأُسْبُوْعِ

-

(۱)مَنْ هٰذَا الرَّجُلُ ؟هٰذَا أَبِيْ

(۲)مَنْ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ ؟ هٰذِهِ أُخْتِيْ

(۳) مَنْ ذَاكَ ؟ ذَاكَ زَيْدٌ

(۴) مَنْ ضَرَبَکَ بِالْخَشَبَةِ ؟ ضَرَبَنِیْ أُسْتَاذِیْ بِالْخَشَبَةِ

(۵) مَنْ قَتَلَ وَالِدَ صَدِیْقِکَ ؟ قَتَلَ وَالِدَ صَدِیْقِیْ عَدُوٌّ لَهٗ

(۱) مَا الْفِیْلُ ؟ اَلْفِیْلُ حَیَوَانٌ لَهٗ خُرْطُوْمٌ

(۲) مَا هٰذِهٖ ؟ هٰذِهٖ بِرْکَةٌ عَظِیْمَةٌ

(۳) مَا تِلْکَ ؟ تِلْکَ بَقَرَةٌ صَغِیْرَةٌ

(۴) مَا فِیْ یَدِکَ ؟ فِیْ یَدِیْ اَلْبُنْدُقُ

(۵) مَا فِی الْحَدِیْقَةِ ؟ فِی الْحَدِیْقَةِ أَشْجَارٌ کَثِیْرَةٌ

حصہ دوم

الدرس الاول

الفعل الماضی

سوال﴿۱﴾: فعل ماضی کا استعمال کس زمانے کو بتلانے کے لئے ہوتا ہے؟

جواب: اگر کوئی کام گزرے ہوئے زمانے میں ہوا ہے تو اسے بتلانے کے لئے فعل ماضی کا استعمال ہوتا ہے۔

سوال﴿۲﴾: عربی زبان میں فعل ماضی کے لئے کل کتنے صیغے استعمال ہوتے ہیں؟

جواب: کل چودہ صیغے۔

سوال﴿۳﴾: فعل کس چیز سے بنتا ہے؟

جواب: فعل مصدر سے بنتا ہے۔

التمرینات

حل مشق﴿۱﴾:

خَرَجَ	وہ ایک مرد نکلا	خَرَجَا	وہ دو مرد نکلے
خَرَجُوْا	وہ سب مرد نکلے	خَرَجَتْ	وہ ایک عورت نکلی
خَرَجَتَا	وہ دو عورتیں نکلیں	خَرَجْنَ	وہ سب عورت نکلیں
خَرَجْتَ	تو ایک مرد نکلا	خَرَجْتُمَا	تم دو مرد نکلے
خَرَجْتُمْ	تم سب مرد نکلے	خَرَجْتِ	تو ایک عورت نکلی
خَرَجْتُمَا	تم دو عورتیں نکلیں	خَرَجْتُنَّ	تم سب عورت نکلے

خَرَجْتُ	میں ایک مرد یا میں ایک عورت نکلا	خَرَجْنَا	ہم دو مرد یا ہم دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں نکلیں

حل مشق ﴿۲﴾:

دَخَلَ	وہ ایک مرد داخل ہوا	دَخَلَا	وہ دو مرد داخل ہوئے
دَخَلُوْا	وہ سب مرد داخل ہوئے	دَخَلَتْ	وہ ایک عورت داخل ہوئی
دَخَلَتَا	وہ دو عورتیں داخل ہوئیں	دَخَلْنَ	وہ سب عورتیں داخل ہوئیں

حل مشق ﴿۳﴾:

قَرَأْتَ	تو ایک مرد نے پڑھا	قَرَأْتُمَا	تم دو مردوں نے پڑھا
قَرَأْتُمْ	تم سب مردوں نے پڑھا	قَرَأْتِ	تو ایک عورت نے پڑھا
قَرَأْتُمَا	تم دو عورتوں نے پڑھا	قَرَأْتُنَّ	تم سب عورتوں نے پڑھا

حل مشق ﴿۴﴾:

سَمِعْتُ	میں ایک مرد یا میں ایک عورت نے سنا۔
سَمِعْنَا	ہم دو مرد یا ہم دو عورتوں یا ہم سب مرد یا ہم سب عورتوں نے سنا۔

حل مشق ﴿۵﴾: اردو میں ترجمہ کیجئے اور صیغوں کی شناخت کیجئے؟

حامد نے ایک خط لکھا	کتب صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف
ماں باورچی خانے سے نکلی	خرجت صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف
دو بہنوں نے ایک مفید کتاب پڑھی	قرأتا صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف

لڑکا مدرسہ گیا	ذھب صیغہ واحد مذکر غائب
طلباء مسجد میں داخل ہوئے	دخلوا صیغہ جمع مذکر غائب
میں کلاس میں بیٹھا	جلست صیغہ واحد متکلم
ایک آدمی نے قرآن سنا	سمع صیغہ واحد مذکر غائب
علی نے دروازہ کھولا	فتح صیغہ واحد مذکر غائب
ہوا کمرے میں داخل ہوئی	دخل ....
عورتیں چارپائی پر بیٹھیں	جلسن صیغہ جمع مؤنث غائب
لڑکوں نے کتاب اللہ پڑھی	قراوا صیغہ جمع مذکر غائب

حل مشق ﴿٦﴾ :عربی میں ترجمہ کیجئے؟

قَرَأَ سَعِيْدٌ وَحَامِدٌ الْكِتَابَ	ذَهَبَ رِجَالُ الْمَالِ	اَلْمَالِيُّوْنَ اِلَى اُوْرُبَا
ذَهَبَ مَحْمُوْدٌ اِلَى السُّوْقِ	قَرَأَ اَبُ حَامِدٍ الْقُرْآنَ	فَتَحَتِ الْاُمُّ بَابَ الْبَيْتِ
جَلَسْنَا عَلَى الْاَرْضِ	سَمِعَ الطَّلَبَةُ دَرْسَ الْاُسْتَاذِ	دَخَلَ الْوَلَدَانِ اِلَى الْغُرْفَةِ
سَبَحْتُ فِي الْبِرْكَةِ	كَتَبْتُ رِسَالَةً	خَرَجْتُمْ مِنَ الْفَصْلِ

الدرس الثانی

الفعل المضارع

الاسئلة

سوال ﴿۱﴾: فعل مضارع کی زبانی تعریف کیجئے؟

جواب. فعل مضارع اس فعل کو کہتے ہیں جو موجودہ زمانے میں یا آنے والے زمانے میں کسی کام کے واقع ہونے پر دلالت کرے۔

سوال ﴿۲﴾: وہ کون سا فعل ہے جس کے معنی میں دو زمانے حال واستقبال پائے جاتے ہیں۔

جواب: وہ فعل مضارع ہے۔

سوال ﴿۳﴾: فعل مضارع کے کل کتنے صیغے ہوتے ہیں؟

جواب: چودہ صیغے ہوتے ہیں۔

سوال ﴿۴﴾: ماضی سے مضارع بنانے کا قاعدہ مختصر عبارت میں بیان کیجئے؟

جواب: فعل مضارع کے فعل ماضی کے پہلے صیغے واحد مذکر غائب کتب، قرأ سے بنتا ہے ماضی کے پہلے واحد مذکر کے پہلے حرف کی حرکت زبر ختم کر دیجئے اور اس پر جزم دیدیجئے اور اسکے بعد حروف اَتین (ی، ت، ا، ن) میں سے کوئی حرف نیچے دی ہوئی تفصیل کے مطابق شروع میں لگا دیجئے۔

ی... چار صیغوں کے شروع میں آئے گی، واحد مذکر غائب، تثنیہ مذکر غائب، جمع مذکر غائب، جمع مؤنث غائب۔

ت.... آٹھ صیغوں کے شروع میں آئے گی، واحد مؤنث غائب، تثنیہ مؤنث غائب، واحد مذکر مخاطب، تثنیہ مذکر مخاطب، جمع مذکر مخاطب، واحد مؤنث مخاطب، تثنیہ مؤنث مخاطب، جمع مؤنث

مخاطب۔

أ... صرف واحد متکلم کے شروع میں آئے گا،اور ’’ن‘‘ صرف جمع متکلم کے شروع میں آئے گا۔

سوال ﴿۵﴾: کیا مضارع کے تمام صیغوں میں آخرحرف پر پیش ہوتا ہے؟

جواب : پانچ صیغوں میں آخری حرف پر ضمہ آتا ہے۔ واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب واحد مذکر مخاطب، واحد متکلم، جمع متکلم۔

تثنیہ کے تمام صیغوں کے آخر میں نون آتا ہے اور نون پر کسرہ آتا ہے۔ تثنیہ کے صیغے حسب ذیل ہیں۔ تثنیہ مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب، تثنیہ مذکر مخاطب، تثنیہ مؤنث مخاطب،۔ مندرجہ ذیل پانچ صیغوں کے آخر میں نون ہوگا اور نون پر فتح آئے گا، جمع مذکر غائب، جمع مؤنث غائب جمع مذکر مخاطب، واحد مؤنث مخاطب، جمع مؤنث مخاطب۔

التمرینات

حل مشق (۱) : گردان از کَنَسَ

يَكْنِسُ	يَكْنِسَانِ	يَكْنِسُوْنَ	تَكْنِسُ
تَكْنِسَانِ	يَكْنِسْنَ	تَكْنِسُ	تَكْنِسَانِ
تَكْنِسُوْنَ	تَكْنِسِيْنَ	تَكْنِسَانِ	تَكْنِسْنَ
	أَكْنِسُ	نَكْنِسُ	

گردان از خَافَ

يَخَافُ	يَخَافَانِ	يَخَافُوْنَ	تَخَافُ
تَخَافَانِ	يَخَفْنَ	تَخَافُ	تَخَافَانِ
تَخَافُوْنَ	تَخَافِيْنَ	تَخَافَانِ	تَخَفْنَ
	أَخَافُ	نَخَافُ	

گردان از اِجْتَهَدَ

يَجْتَهِدُ	يَجْتَهِدَانِ	يَجْتَهِدُوْنَ	تَجْتَهِدُ
تَجْتَهِدَانِ	يَجْتَهِدْنَ	تَجْتَهِدُ	تَجْتَهِدَانِ
تَجْتَهِدُوْنَ	تَجْتَهِدِيْنَ	تَجْتَهِدَانِ	تَجْتَهِدْنَ
	اَجْتَهِدُ	نَجْتَهِدُ	

گردان از قَطَفَ

يَقْطِفُ	يَقْطِفَانِ	يَقْطِفُوْنَ	تَقْطِفُ
تَقْطِفَانِ	يَقْطِفْنَ	تَقْطِفُ	تَقْطِفَانِ
تَقْطِفُوْنَ	تَقْطِفِيْنَ	تَقْطِفَانِ	تَقْطِفْنَ
	اَقْطِفُ	نَقْطِفُ	

گردان از خَرَجَ

يَخْرُجُ	يَخْرُجَانِ	يَخْرُجُوْنَ	تَخْرُجُ
تَخْرُجَانِ	يَخْرُجْنَ	تَخْرُجُ	تَخْرُجَانِ
تَخْرُجُوْنَ	تَخْرُجِيْنَ	تَخْرُجَانِ	تَخْرُجْنَ
	اَخْرُجُ	نَخْرُجُ	

گردان از سَقَى

يَسْقِيْ	يَسْقِيَانِ	يَسْقُوْنَ	تَسْقِيْ
تَسْقِيَانِ	يَسْقِيْنَ	تَسْقِيْ	تَسْقِيَانِ
تَسْقُوْنَ	تَسْقِيْنَ	تَسْقِيَانِ	تَسْقُوْنَ
	اَسْقِيْ	نَسْقِيْ	

گردان از اِسْتَیْقَظَ

يَسْتَيْقِظُ	يَسْتَيْقِظَانِ	يَسْتَيْقِظُوْنَ	تَسْتَيْقِظُ
تَسْتَيْقِظَانِ	يَسْتَيْقِظْنَ	تَسْتَيْقِظُ	تَسْتَيْقِظَانِ
تَسْتَيْقِظُوْنَ	تَسْتَيْقِظِيْنَ	تَسْتَيْقِظَانِ	تَسْتَيْقِظْنَ
	اَسْتَيْقِظُ	نَسْتَيْقِظُ	

حل مشق (۳):

ماضی کی جگہ مضارع	ترجمہ
يَسِيْرُ الْقِطَارُ	ریل گاڑی روان ہوتا ہے/ ہوگا
يَمْرِضُ الْغُلَامُ	لڑکا بیمار ہوتا ہے/ ہوگا۔
يَطِيْرُ الْعُصْفُوْرُ مِنَ الشَّجَرَةِ	چڑیا درخت سے اڑتا ہے/ اڑے گا۔
يَكْتُبُ الْوَلَدُ بِالْقَلَمِ	لڑکا قلم سے لکھتا ہے/ لکھے گا۔
يُسَافِرُ اِبْنُ عَمِّيْ اِلَى لِيْبِيَا	میرا چچازاد لیبیا کو سفر کرتا ہے/ کرے گا
يَلْعَبُ التِّلْمِيْذُ بِكُرَةِ السَّلَّةِ	شاگرد باسکٹ گیند سے کھیلتا ہے/ کھیلے گا۔
تَطْبَخُ الْاُمُّ الطَّعَامَ	ماں کھانا پکاتی ہے/ پکائے گی۔
تَصْنَعُ الْبِنْتُ الشَّايَ	لڑکی چائے بناتی ہے/ بنائے گی۔

حل مشق (۴):

مضارع کی جگہ ماضی	ترجمہ
قَطَفَ الْوَلَدُ الزَّهْرَةَ	لڑکے نے پھول توڑا
جَرَتِ السَّفِيْنَةُ فِي الْبَحْرِ	کشتی دریا میں چل پڑی۔

بَاضَتِ الدَّجَاجَةُ كُلَّ يَوْمٍ	مرغی نے ہر روز انڈا دیا۔
بَاعَ التَّاجِرُ الْقَمْحَ	تاجر نے گندم فروخت کیا۔
عَمِلَ أَخِيْ فِيْ مَصْنَعِ تَوْلِيْدِ الْكَهْرَبَاءِ	میرے بھائی نے بجلی پیدا کرنے کے کارخانے میں کام کیا
سَبَحَ الرَّجُلُ فِيْ النَّهْرِ	آدمی نہر میں تیرا۔
سَافَرَ عَلِيٌّ إِلٰى فَرَنْسَا	علی نے فرانس کا سفر کیا۔
أَثْمَرَ الْبُسْتَانُ فِيْ هٰذَا الْعَامِ	باغ نے اس سال میں پھل دیا۔

حل مشق (۴):

چوہا بلی سے ڈرتا ہے/ڈرے گا۔	تخاف صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معروف
ماں اپنی اولاد سے پیار کرتی ہے/کرے گی۔	تحب
خادم کمرے کو جھاڑو دیتا ہے/دے گا۔	یکنس صیغہ واحد مذکر غائب
میرے والد سعودی کا سفر کرتا ہے/کرے گا	یسافر صیغہ واحد مذکر غائب
آسمان سے بارش برس رہی ہے/برسے گی۔	ینزل صیغہ واحد مذکر غائب
لڑکی اپنے کپڑے صاف کرتی ہے/کرے گی	تنظف صیغہ واحد مؤنث غائب
دونوں لڑکے والی بال کھیلتے ہیں/کھیلیں گے	یلعبان صیغہ تثنیہ مذکر غائب
لڑکے قراءت میں محنت کرتے ہیں/کریں گے	یجتھدون صیغہ جمع مذکر غائب
کسان فصلوں کو پانی دیتے ہیں/دیں گے۔	یسقون صیغہ جمع مذکر غائب
کتا رات میں بھونکتا ہے/بھونکے گا۔	ینبح صیغہ واحد مذکر غائب

تو گلاب کا پھول توڑتا ہے/توڑے گا	تقطف صیغہ واحد مذکر حاضر
تو اللہ تعالیٰ کا کلام سنتی ہے/سنے گی۔	تسمعین صیغہ واحد مؤنث حاضر
وہ صبح بیدار ہوتا ہے اور باغوں کو نکلتا ہے۔	یستیقظ/یخرج صیغہ واحد مذکر غائب
تم دونوں ریل گاڑی میں سوار ہوتے ہو اور کراچی کا سفر کرتے ہو۔	ترکبان/تسافران صیغہ تثنیہ مذکر حاضر

حل مشق (۵): عربی میں ترجمہ کیجئے؟

يَذْهَبُ الْوَلَدُ اِلَى السُّوْقِ	يَعْبُدُ الْمُسْلِمُوْنَ رَبَّهُمْ	فِيْ اَيَّةِ الْمَدْرَسَةِ الْعَرَبِيَّةِ
تَتْلُوْا الْقُرْآنَ صَبَاحاً	تُرَبِّيْنَ اَوْلَادَكُنَّ	يَشْرِبَانِ الشَّايَ بَعْدَ صَلوٰةِ الْفَجْرِ
يَعْمَلُ اَخِيْ فِي السُّعُوْدِيَّةِ الْعَرَبِيَّةِ	يَمَرِّضُ الطَّبِيْبُ الْمَرْضٰى فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ	
تَحْفَظُ الْبِنْتَانِ دَرْسَهُمَا فِي اللَّيْلِ	تَمْشِيْ فِي الْبَسَاتِيْنِ	تُطْعِمُ الْاُمَّهَاتُ اَوْلَادَهُنَّ
	تَلْعَبُ بِالْكُرَةِ	

حل مشق (۶): (الف)(ب)(ج)(د) اس طرح کے دوسرے جملے بنائیں؟

يَذْهَبُ الطَّبِيْبُ اِلَى الْمُسْتَشْفٰى — وَيَعْمَلُ طُوْلَ النَّهَارِ — وَيَرْجِعُ بَعْدَ صَلوٰةِ الْعَصْرِ — وَيَشْتَرِيْ لِبَيْتِهَا اَشْيَاءَ كَثِيْرَةً — فَفِيْهَا الْقِدْرُ وَالْمِرْكَنُ وَالْغَسَّالَةُ وَالسَّطْلُ وَالْمِلْعَقَةُ وَالْفِنْجَانُ — وَيَذْهَبُ زَيْدٌ مَعَ الْجَدِّ اِلَى الْمَسْجِدِ ثُمَّ يَذْكُرُ اللّٰهَ كَثِيْراً — ثُمَّ يَرْجِعَانِ اِلَى الْبَيْتِ فَيُسَلِّمَانِ عَلَى الصِّبْيَانِ وَالشُّيُوْخِ فِيْ جَمِيْعِ الْاَنْحَاءِ — وَاُمُّ زَيْدٍ تُحِبُّهُ جِدًّا لِاَنَّهٗ

لَا يَتْرُكُ الصَّلٰوةَ قَطُّ فِيْ كُلِّ حَالٍ - وَالنَّاسُ يَفْرَحُوْنَ بِهٖ وَيُعْطُوْنَهٗ جَائِزاً -

ترجمہ :

ڈاکٹر ہسپتال جاتا ہے۔ اور دن بھر کام کرتا ہے۔ اور عصر کے نماز کے بعد واپس لوٹتا ہے۔ اور اپنے گھر کیلئے بہت سی اشیاء خریدتا ہے۔ پس ان میں دیگچی، ٹب، واشنگ مشین، بالٹی، چمچ، چائے کی پیالی ہوتے ہیں۔ اور زید اپنے دادا کیساتھ مسجد جاتا ہے پھر دونوں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں۔ پھر اپنے گھر لوٹتے ہیں، پس سلام کرتے ہیں بچوں پر، بوڑھوں پر، کوچہ کوچہ میں۔ اور زید کی ماں اسکے ساتھ بہت محبت کرتی ہے اسلئے کہ وہ نماز بالکل نہیں چھوڑتا ہے ہر حال میں۔ اور لوگ اس پر خوش ہوتے ہیں اور اسکو انعام دیتے ہیں۔

الدرس الثالث

الفاعل والمفعول به

الاسئلة

سوال ﴿۱﴾ فاعل کسے کہتے ہیں؟

جواب : نحوی قانون کے مطابق وہ اسم جس سے کوئی فعل صادر ہو فاعل کہلاتا ہے۔

سوال ﴿۲﴾ مفعول بہ کسے کہتے ہیں؟

جواب : وہ اسم جس پر فعل واقع ہو المفعول بہ (مفعول بہ) کہلاتا ہے۔

سوال ﴿۳﴾ کیا فاعل اور مفعول بہ دونوں اسم ہوتے ہیں؟

جواب : فاعل اور مفعول بہ دونوں اسم ہوتے ہیں۔

سوال ﴿۴﴾ کیا مضاف مضاف الیہ فاعل اور مفعول بہ بن سکتے ہیں؟ مثال دیکر بیان کیجئے۔

جواب : جی ہاں مثلاً فتح خادم زید الباب اسمیں خادم زید مرکب اضافی فاعل ہے فتح فعل کے۔ ضرب سعید ولد بکر اسمیں ولد بکر مرکب اضافی مفعول بہ ہے ضرب فعل کے۔

سوال ﴿۵﴾ کیا موصوف صفت فاعل اور مفعول بہ بن سکتے ہیں؟ مثال دیکر بیان کیجئے؟

جواب : جی ہاں مثلاً جاء زید عالم اسمیں زید عالم مرکب توصیفی فاعل واقع ہوا ہے جاء فعل کے۔ شربت ماء باردا اسمیں ماء باردا مرکب توصیفی مفعول بہ واقع ہوا ہے شربت فعل کیلیے۔

سوال ﴿۶﴾ فاعل کے معرفہ (الف لام کے ساتھ) ہونے یا نکرہ ہونے کے صورت میں آخری حرف کی حرکت کے اعتبار سے کیا فرق ہوگا؟

جواب : فاعل اگر معرفہ (الف لام) کیساتھ ہے تو مرفوع ہوگا ایک پیش سے، اور اگر نکرہ ہے یا کسی

انسان کا نام ہے تو اس صورت میں لفظ کے آخری حرف پر ایک پیش کے بجائے دو پیش ضرور آجاتے ہیں، اور اگر مرکب اضافی فاعل بنا ہو تو پیش مضاف پر ہوگا اور مضاف الیہ قاعدے کے مطابق ہمیشہ کیلئے مجرور رہے گا۔

سوال ﴿۷﴾ مفعول بہ کے معرفہ (الف لام کے ساتھ) ہو یا نکرہ ہونے کی صورت میں آخری حرف کی حرکت کے اعتبار سے کیا فرق ہوگا؟

جواب : مفعول بہ کی حالت بھی فاعل سے مختلف نہیں ہے وہ بھی کبھی مضاف مضاف الیہ کبھی موصوف صفت کبھی نکرہ اور کبھی معرفہ کی صورت میں لایا گیا ہے لیکن آخری حرف پر ہر حالت میں نصب (زبر) ہے۔ البتہ نکرہ ہونے کی صورت میں یا کسی انسان کے نام ہونے کی صورت میں ایک کے بجائے دو زبر آتے ہیں۔ مضاف مضاف الیہ کے مفعول بہ ہونے کی صورت میں مضاف کا آخری حرف منصوب ہوگا۔ مضاف الیہ قاعدے کے مطابق مجرور رہے گا۔

التمرینات

حل مشق ﴿۱﴾ :

نَبَحَ الْكَلْبُ	ضَرِبَ الرَّجُلُ	صَهَلَ الْحِصَانُ	يَبِيْعُ التَّاجِرُ
يَحْفِظُ التِّلْمِيْذُ	يَبْكِيْ الْوَلَدُ	شَكَى الْمَرِيْضُ	نَطَحَ الْخَرُوْفُ

حل مشق ﴿۲﴾ :

اَكَلَ الْقِطُّ الطَّعَامَ	بلی نے طعام کھایا۔
كَسَرَ الْهَوَاءُ الْكَأْسَ	ہوا نے گلاس کو توڑا۔
يَنْشُرُ النَّجَّارُ الْخَشَبَ	بڑھئی لکڑی کو چھیلاتا ہے۔
يَشْرَبُ الْوَلَدُ الْمَآءَ	لڑکا پانی پیتا ہے۔
يَأْكُلُ الْكَلْبُ اللَّحْمَ	کتا گوشت کھاتا ہے۔

حَفِظَ التِّلْمِیْذُ الدَّرْسَ	شاگرد نے سبق یاد کیا۔
یَزْرَعُ الْفَلَّاحُ الْقُمْحَ	کسان گندم کاشت کرتا ہے۔
تَخِیْطُ الْبِنْتُ الثَّوْبَ	لڑکی کپڑا سیتی ہے

حل مشق ﴿۳﴾ :

ترجمہ	شناخت صیغہ
اللہ تعالیٰ نے زمین آسمان کو پیدا کیا	خلق صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی
استاد نے زیادہ کھیلنے والے شاگرد کو مارا	ضرب......اللعوب صیغہ مبالغہ
باپ نیک بچے سے پیار کرتا ہے	یحب صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع
مرغ نے چیخ ماری صبح	صاح...... ... فعل ماضی
بیل نے ہل چلایا	جر
چھوٹا بچہ رویا	بکی
کسان نے سبزیاں کاشت کیں	زرع
غائب شاگرد درس میں حاضر ہوا	حضر
ریل گاڑی پلیٹ فارم پر کھڑی ہوئی	وقف
خالد نے ٹکٹ خریدا	اشتری
لڑکا گاڑی پر سوار ہوتا ہے	یرکب... فعل مضارع
امانت دار تاجر تجارت میں نفع مند ہوتا ہے	یربح
بڑھئی نے ایک کرسی بنائی	صنع......فعل ماضی
شکاری نے جال کو پھینکا	رمی

شکاری نے مچھلی شکار کی	صاد
(ایکسپریس) آیا	جاء
سیاہ کبوتر اڑا	طارت صیغہ واحد مذکر غائب

حل مشق ﴿۴﴾: عربی میں ترجمہ کیجئے؟

فَتَحَ الْخَادِمُ بَابَ الْغُرْفَةِ	يَكْتُبُ مَاجِدُ الدَّرْسَ غَداً	قَرَأَ صَدِيْقِيْ أَنْبَاءَ الْجَرِيْدَةِ

سَمِعَتِ الْبِنْتُ الْاَنْبَاءَ مِنَ الْإِذَاعَةِ	يَحْفَظُ مُعَلِّمُ الْمَدْرَسَةِ دَرْسَ الْكِتَابِ
فَازَ التِّلْمِيْذُ الْمُجْتَهِدُ فِي الْإِمْتِحَانِ	قَطَفَ مَحْمُوْدٌ زَهْرَةً جَمِيْلَةً
يَفْتَحُ سَعِيْدٌ الدُّكَانَ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ	ذَهَبَتْ سَلْمٰى اِلَى الْمَطْبَخِ
طَعِمَتْ اِمْرَأَةٌ	اَبْصَرَ رَجُلٌ اَلْهِلَالَ

حل مشق ﴿۵﴾: كلمات جديدة

مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ ،بِطَاقَةٌ ، اَلظَّرْفُ ،اِغْلَقَ ،يَعِيْشُ ،اَلصَّقُ ،طَابِعُ بَرِيْدٍ ، صُنْدُوْقُ الْبَرِيْدِ ،اَلْعُنْوَانُ ،خِطَابٌ ـ

(ماضی کی جگہ فعل مضارع)

يَذْهَبُ خَامِدٌ اِلٰى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ وَيَشْتَرِيْ بِطَاقَةً وَظَرْفاً وَيَرْجِعُ اِلٰى حُجْرَتِهٖ وَيَجْلِسُ عَلَى الْكُرْسِيِّ وَيَضَعُ الْبِطَاقَةَ عَلَى الْمَكْتَبِ وَيَأْخُذُ الْقَلَمَ وَيَكْتُبُ الْخِطَابَ اِلٰى وَالِدِهٖ وَوَالِدُهٗ يَعِيْشُ فِيْ بَلْدَةٍ بَعِيْدَةٍ وَيَضَعُ الْخِطَابَ فِي الظَّرْفِ وَيَكْتُبُ الْعُنْوَانَ عَلَى الظَّرْفِ ثُمَّ يُغْلِقُ الظَّرْفَ وَيَلْصِقُ عَلَى الظَّرْفِ طَابِعَ بَرِيْدٍ وَيَضَعُ الظَّرْفَ فِيْ صُنْدُوْقِ الْبَرِيْدِ ـ

الدرس الرابع

الفاعل اذا اكان جمعا او مثنی

الامثلہ

نحوی ترکیب کیجئے؟

ذھب فعل رجل فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

حرث الفلاحان ، حضر العاملون ، ترکیب سابقہ کی طرح۔

اکلت صیغہ واحد مؤنث غائب ماضی ، امرأۃ فاعل فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

فازت فعل البنات موصوف المجتھدتان صفت ،موصوف با صفت فاعل فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ

صلت فعل المؤمنات فاعل فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

یذھب فعل مضارع الرجل فاعل فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

یحرث فعل الفلاحان فاعل فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

یحضر فعل مضارع العاملون فاعل فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

تاکل فعل مضارع الامراۃ فاعل فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

تفوز فعل البنتان موصوف المجتھدتان صفت موصوف باصفت فاعل فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

تصلی فعل المؤمنات فاعل فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

نجح فعل تلمیذ مضاف المدرسۃ مضاف الیہ مضاف بامضاف فاعل نجح فعل بافاعل جملہ

خبریہ۔

نصر فعل مسلمو مضاف الپاکستان مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ فاعل فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

الاسئلة

سوال ﴿۱﴾ مفرد، تثنیہ، جمع کسے کہتے ہیں؟

جواب: (۱) مفرد وہ اسم ہے جو ایک چیز کو بتلائے۔

(۲) تثنیہ وہ اسم ہے جو دو چیزوں کو بتلائے۔ کسی بھی اسم مفرد کے آخر میں الف نون بڑھا کر تثنیہ بنایا جا سکتا ہے، اسے مثنیٰ کہتے ہیں۔

(۳) جمع وہ اسم ہے جو دو چیزوں سے زائد چیزوں کو بتلائے مردوں کے نام اور ان کی اچھائی یا برائی ظاہر کرنے والے الفاظ کی جمع اسم مفرد کے آخر میں واو نون بڑھانے سے بنتی ہے۔

سوال ﴿۲﴾ اور **سوال ﴿۳﴾**: کا **جواب** مذکورہ جواب میں دیکھ لیں۔

سوال ﴿۴﴾: فاعل اگر تثنیہ یا جمع ہو تو فعل کیسا لایا جائے گا؟

جواب: فعل واحد لایا جائے گا۔

سوال ﴿۵﴾: فاعل اگر مذکر یا مؤنث ہو تو فعل کیسا لایا جائے گا؟

جواب: فاعل اگر مذکر ہو تو فعل بھی مذکر لایا جائے گا اور اگر فاعل مؤنث ہو تو فعل بھی مؤنث لانا ضروری ہوگا۔

التمرينات

حل مشق ﴿۱﴾:

تَعِبَ الْعَامِلَانِ	دو مزدور تھک گئے	يَحْفِرُ الْمُهَنْدِسَانِ	دو انجینئر کھودتے ہیں
فَازَ الْمُجِدَّانِ	دو محنتی کامیاب ہوئے	يَحْرُثُ الْفَلَّاحَانِ	دو کاشتکار کھیتی کرتے ہیں

نَجَحَ التِّلْمِيْذَانِ	دونوں شاگرد کامیاب ہوئے	تَبْكِی الطِّفْلَانِ	دو بچے روتے ہیں
	ذَهَبَ الرَّجُلَانِ	دو آدمی گئے	

حل مشق ﴿۲﴾ :

تَلْمَعُ النُّجُوْمُ	ستارے چمکتے ہیں	تَفَتَّحَ الْوُرُوْدُ	گلاب کے پھول کھلے
يُجَاهِدُ الْمُؤْمِنُوْنَ	مؤمن جہاد کرتے ہیں	حَضَرَتِ التِّلْمِيْذَاتُ	شاگرد حاضر ہوئی
تَنَامُ الصَّبِيَّاتُ	بچیاں سوتی ہیں	زَرَعَ الْفَلَّاحُوْنَ	کسان فصل کاشت کرتے ہیں
يُطْعِمُ الْأَغْنِيَاءُ	مالدار لوگ کھلاتے ہیں	صَلَّى الْمُسْلِمُوْنَ	مسلمانوں نے نماز پڑھے
	تَسْمَعُ الْأَخَوَاتُ	بہنیں سنتی ہیں	

حل مشق ﴿۳﴾ :

ترجمہ	شناخت صیغہ
میں دروازہ کھولتا ہوں	افتح صیغہ واحد متکلم فعل مضارع
میں کمرے میں داخل ہوتا ہوں	ادخل
ان حروف کی مشابہت لفظی فعل کی ساتھ ثلاثیہ، رباعیہ، خماسیت اور ادغام اور لحوق نون وقایہ ان حروف کی آخر میں ہیں اِنَّ، اَنَّ، لَیْتَ ثلاثی ہیں اور لَعَلَّ رباعی ہے اور لٰکِنَّ خماسی ہے اور ان حروف کی مشابہت معنوی فعل کے ساتھ یہ ہے کہ یہ حروف فعل کی معنی پر ہیں اِنَّ اَنَّ بمعنی حَقَّقْتُ کَاَنَّ بمعنی تَشَبَّهْتُ لٰکِنَّ بمعنی اِسْتَدْرَکْتُ، لَیْتَ بمعنی تَمَنَّیْتُ، لَعَلَّ بمعنی تَرَجَّیْتُ دو سرا نام ان حروف کی حروف نواسخ بھی ہے اسلئے کہ وہ عامل معنوی کا عمل فسخ کرتی ہیں مبتدا خبر میں۔

فائدہ: اِنَّ اور اَنَّ دونوں آتے ہیں برائے تحقق مضمون جملہ، جملہ اسمیہ کی مضمون اسکو کہا جاتا ہے کہ خبر جب اسم مشتق ہو تو اسکا مصدر مضاف کیا جاوے مبتدا کو مثال زَیْدٌ قَائِمٌ میں قِیَامُ زَیْدٍ جملہ اسمیہ کی مضمون ہے۔ جملہ فعلیہ کی مضمون اسکو کہا جاتا ہے کہ فعل کا مصدر مضاف کیا جاوے فاعل کو مثال ضَرَبَ زَیْدٌ میں ضَرْبُ زَیْدٍ جملہ فعلیہ کی مضمون ہے۔

ضابطہ: مواضع استعمال اِنَّ اور اَنَّ میں اِنَّ مکسورہ ہر وہ موضع میں آتا ہے جو جملہ کی موضع ہو جیسے جواب قسم یا مقولہ یا صفت وغیرہ تو ایسے مواضع میں اِنَّ آئے گا اور اَنَّ مفتوحہ ہر وہ موضع میں آتا ہے جو موضع مفرد ہو جیسے فاعل، مبتدا، مفعول وغیرہ۔ مذکورہ مواضع استعمال اس شعر نے جمع کیا ہے

اِنَّ در چار جا مکسور خوان ابتدا و بعد قول و قسم دان
چوں در آید در خبر او لام نیز دائما مکسور خوانی اے عزیز

مواضع استعمال اَنَّ مفتوحہ اس شعر نے جمع کیا ہے۔

ان را در پنج جا مفتوح خوان بعد علم و بعد ظن و در میان
بعد لولا و لو تحقیق دان تا نیفتی ہیچ جا در شک آن

اَلْفَرْقُ بَيْنَ اَنَّ وَاِنَّ : اِنَّ جملہ کی معنی میں تاکید پیدا کرتا ہے اور اس کے علاوہ کوئی تغیر نہیں لاتا اور اَنَّ جملے کے معنی میں تاکید پیدا کرتا ہے اور علاوہ ازیں جملہ تاویل مفرد اور مصدر میں ہوا کرتا ہے۔

(کَاَنَّ) تشبیہ کیلئے آتا ہے تشبیہ عبارت ہے اِشْتِرَاکُ الشَّيْئَيْنِ فِیْ وَصْفٍ خَاصَّۃٍ جو چیز شئی اخر کی ساتھ شریک کیا جاتا ہے مشبہ کہلاتا ہے اور جس کے ساتھ شریک کیا جاتا ہے مشبہ بہ کہلاتا ہے اور جس وصف میں مشبہ مشبہ بہ شریک ہو، وجہ شبہ کہلاتا ہے مثال کَاَنَّ زَيْدًا اَسَدٌ اس مثال میں کَاَنَّ حرف تشبیہ ہے جو زید کو مشبہ بنا دیا ہے اور اسد مشبہ بہ ہے اور کاف حرف تشبیہ ہے اور وجہ شبہ محذوف ہے جو شجاعت (بہادری) ہے

(لٰکِنَّ) استدراک کیلئے آتا ہے استدراک لغت میں پانا اور اصطلاح میں دفعہ کرتا ہے اس وہم کو جو کلام سابق سے پیدا کیا گیا ہو اور لٰکِنَّ دو جملوں کی مابین میں واقع ہوتا ہے اور اس حرف کے ساتھ نفی لازم ہے نفی یا تو اس سے ماقبل ہو یا مابعد پہلے جملے کو مستدرک عنہ کہا جاتا ہے اور دوسرے جملے کو مستدرک کہا جاتا ہے اسی طرح پہلے جملے کو مُوْهِمْ اور دوسرے جملے کو دافع بھی کہا جاتا ہے ﴿مثال﴾ مَا جَاءَنِیْ زَيْدٌ لٰكِنَّ عَمْرًا جَاءَ قَامَ زَيْدٌ لٰكِنَّ خَالِدًا لَمْ يَقُمْ ﴿لَيْتَ﴾ تمنا اور آرزو کے لئے اتا ہے اور ﴿لَعَلَّ﴾ امید کیلئے اتا ہے۔

﴿**فائدہ**﴾ حروف مشبہ بالفعل کی ساتھ مَا تَکُفُّنِیْ الْعَمَلِ لاحق ہو جاتا ہے اور ان حروف کو عمل سے منع کرتا ہیں مثال اِنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ، اِنَّمَا زَيْدٌ مُنْطَلِقٌ دونوں مثالوں میں اِلٰهٌ اور زَيْدٌ مرفوع ہیں نہ کہ منصوب۔

النوع الثالث

مَا وَلَا:

امور خمسہ نوعہ ثالث میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم اور نام اس نوعہ کا حاصل یہ ہے کہ ان دونوں حروف کی ذات حرف ہے۔ اسم اور فعل نہیں ہے عدد میں دو ہیں، کم و بیش نہیں۔ ان دونوں کی مدخول جملہ اسمیہ ہیں اور جملہ فعلیہ اور صرف اسم فعل اور حرف نہیں ہیں۔ انکی عمل رفع ہے مبتدا میں جو مسمی کیا جاتا ہے ما و لا کے اسم کے ساتھ اور نصب ہے خبر میں جو مسمی کیا جاتا ہے۔ ما و لا کی خبر کے ساتھ

رفع نصب عام ہیں خواہ لفظی ہو یا تقدیری یا محلی اسم وعام ان دونوں کی یہ ہے کہ وہ نفی کی جاتی ہے۔ ماولا مشابہ بلیس کے ساتھ اسلئے کہ انکی مشابہت ہے لیس کے ساتھ نفی اور دخول میں مبتدا اور خبر پر یعنی جس طرح لیس نفی کیلئے آتا ہے۔ اسی طرح یہ حروف بھی اور جس طرح لیس مبتدا خبر پر داخل ہوتا ہے مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے تو یہ عمل ماولا کی بھی ہے مثال ما زید قائما و لا رجل افضل منک

فائدہ: ما ولا میں فرق ہے بایں طور پر کہ مدخول ما عام ہے خواہ معرفہ ہو یا نکرہ اور مدخول لا خاص ہے کہ صرف نکرہ پر داخل ہوتا ہے مثال ما زید قائما ما رجل قائما لا رجل ظریفا معارف پانچ ہیں جو اس شعر میں ہیں معارف اسم پنج است زان پس مضمر است و علم مبہم معرف بلام و مضاف

النوع الرابع

واو یا و ہمزہ و الا یا و ای ہیا ناصب اسمند بیں این ہفت حرف اے مقتدا

امور خمسہ اس نوع میں ذات، عدد، مدخول، عمل اسم اور عام ہیں اس نوع میں جتنی عوامل ذکر کیے گئے ہیں ذات انکی حرف ہے نہ کہ اسم و فعل۔ عدد میں سات ہیں انکی مدخول اسم ہے۔ جملہ اسمیہ جملہ فعلیہ، فعل و حرف نہیں انکی عمل نصب ہے اسم میں رفع و جر نہیں اسم و عام یہ ہے کہ واؤ معنی کیا جا سکتا ہے بمعنی مع اور مدخول مفعول معہ کیساتھ یا اور اسکے اخوات معنی کیا جا سکتا ہے۔ حروف ندا کیساتھ اور مدخول منادی کیساتھ الا معنی کیا جا سکتا ہے استثناء کی ساتھ اور مدخول مستثنی کیساتھ مثال برائے واؤ جاء البرد والجبات ای مع الجبات مثال برائے یا یا عبد اللہ مثال برائے الا جاء نی القوم الا زیدا

فائدہ مہمہ: استثنا لغت میں متغیر کرنے کو کہتے ہے اور اصطلاح میں الا کے بعد والا کلام کو خیر کرنا ہے حکم ماقبل سے ماقبل الا کو مستثنی منہ اور مابعد کو مستثنی کہتے ہیں۔ مستثنی دو قسم ہے:

(۱) متصل (۲) منقطع

مستثنی متصل اسکو کہتے ہیں کہ خارج کیا گیا ہو بسبب الا حکم ماقبل سے اور مستثنی داخل ہو مستثنی منہ میں قبل ذکر الا سے مثال جاء نی القوم الا زیدا۔ مستثنی منقطع اسکو کہتے ہیں کہ مذکور ہو بعد الا اور خارج نہیں کیا گیا ہو حکم ماقبل سے بسبب کہ داخل نہیں ہوتا مستثنی منہ میں مثال جاء نی القوم الا حمارا ای

متصل اور منقطع میں دو مذھب ہیں (۱) مذھب جمہور نحات (۲) مذھب بعض نحات جمہور نحات فرماتے ہیں کہ مستثنیٰ متصل اسکو کہتے ہیں کہ خارج کیا گیا ہو بالا کے حکم ماقبل سے اور مستثنیٰ داخل ہو مستثنیٰ منہ میں قبل استثناء خواہ مستثنیٰ جنس مستثنیٰ منہ میں سے ہو یا نہ ہو مثال جاء نی القومُ الا زیداً قوم سے مراد وہ قوم ہے کہ زید اس قوم کے افراد میں سے ہو غیر جنس کا مثال جاء نی القومُ الا حماراً قوم سے مراد وہ قوم ہے کہ حمار داخل ہو اس قوم میں۔

مستثنیٰ منقطع اسکو کہتے ہیں کہ مذکور ہو بعد الا اور خارج نہیں کیا گیا ہو حکم ماقبل سے اسلئے کہ داخل نہیں ہوتا مستثنیٰ منہ میں خواہ مستثنیٰ جنس مستثنیٰ منہ ہو یا نہ ہو مثال جاء نی القومُ الا زیداً قوم سے مراد وہ قوم ہے کہ زید نہ ہو افراد قوم میں سے دوسرا مثال جاء نی القومُ الا حماراً قوم سے مراد وہ قوم ہے کہ حمار داخل نہ ہو اس قوم میں۔ بعض نحات فرماتے ہیں کہ مستثنیٰ متصل اسکو کہتے ہیں کہ مستثنیٰ جنس مستثنیٰ منہ میں سے ہو مثال جاء نی القومُ الا زیداً اور مستثنیٰ منقطع اسکو کہتے ہیں کہ مستثنیٰ جنس مستثنیٰ منہ میں سے نہ ہو مثال جاء نی القومُ الا حماراً یا وی لندا القریب والبعید یا ندا قریب اور بعید دونوں کیلئے آتا ہے ایا اور ھیا منادیٰ بعید کیلئے ای اور ھمزہ مفتوحہ منادیٰ قریب کیلئے اب ترکیب ندائی میں امور اربعہ ہیں (۱) حرف ندا (۲) منادیٰ (۳) منادیٰ (۴) مقصود بالندا مثال یا ایھا الناس اعبدو ربکم یا حرف ندا اللہ تعالیٰ منادیٰ الناس منادیٰ اعبدو ربکم مقصود بالندا۔

اعراب المنادیٰ: حروف ندا نصب ہیں اسم کو جب یا اسم مضاف ہو یا شبہ مضاف ہو مثال یا عبداللہ یا طالعاً جبلاً اور اگر اسم مضاف یا شبہ مضاف نہ ہو تو پھر حروف ندا رفع دیتی ہیں اسم مفرد کو مثال یا زیدُ یا زیدانِ یا زیدونَ

النوع الخامس

ان ولن پس کی اذن ان چار حرف معتبر	نصب مستقبل کنند ایں جملہ دائم اقتضا

یہ چار حروف نصب دیتی ہیں فعل مضارع کو دوام کے ساتھ۔ وہ تقاضا کرتی ہیں کہ نصب دے فعل مضارع کو۔ امور خمسہ اس نوعہ میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم و دام ہیں۔ اس نوعہ خامس میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کئے گئے ہیں، انکی ذات حرف ہے نہ کہ اسم و فعل عدد میں چار ہیں کم و بیش نہیں اور

مدخول انکی فعل ہے (فعل مضارع) جملہ اسمیہ نہیں اور انکی عمل نصب ہے فعل مضارع میں اور علامہ نصب مفردات میں فتحہ ہے تثنیہ جمع اور واحد مؤنث حاضرہ میں سقوط نون اعرابی ہے۔ نصب عام ہے خواہ لفظی ہو یا تقدیری یا محلی۔ ان کے اسم وتام یہ ہے کہ وہ مسمّی کیا جا سکتا ہے۔ حروف نواصب سے اسلئے کہ وہ نصب دیتی ہیں مضارع کو اور اس طرح مسمّی ہیں حروف استقبال سے اسلئے کہ وہ فعل مضارع کا معنی نقل کرتی ہیں حال سے استقبال کو۔

فائدہ: اَنْ استقبال کیلئے آتا ہے اگرچہ داخل ہو ماضی پر مثال تَسَلَّمْتُ اَنْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ یا اَنْ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ اور اس اَنْ کو اَنْ مصدریہ بھی کہتا ہے اسلئے کہ یہ اَنْ جملہ بتاویل مصدر کردیتا ہے مثال اَعْجَبَنِیْ اَنْ تَضْرِبَ اَیْ ضَرْبُکَ (لَنْ) فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور فعل مضارع کو معنی مستقبل کردیتا ہے اور نفی میں تاکید پیدا کرتا ہے مثال لَنْ تَرَانِیْ ہرگز تم مجھے نہیں دیکھے گا آئندہ زمانے میں۔ (کَیْ) سببیت کیلئے آتا ہے اپنا ماقبل مابعد کیلئے سبب بنتا ہے مثال اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ (اِذَنْ) برائے جواب وجزاء آتا ہے کوئی کہیا تجھ اَتَیْتُ اٰتِیْکَ غَدًا آپ جواب میں کہے اِذَنْ اُکْرِمُکَ اور اِذَنْ صرف فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے مثال برائے جزاء مثلاً کوئی کہے اَسْلَمْتُ اسکے جزاء میں اِذَنْ تَدْخُلَ الْجَنَّةَ

النوع السادس

اِنْ ولَمْ لَمَّا ولامِ امر ولائی نہی نیز   پنج حرف جازم فعلند ہر یک بیدنا

امور خمسہ اس نوع میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم وتام ہیں۔

اس نوع میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کیے گئے ہیں ان سب کی ذات حرف ہے اسم وفعل نہیں۔ عدد میں پانچ ہیں کم وبیش نہیں انکی مدخول فعل مضارع ہے اسم وفعل نہیں۔ انکی عمل یہ ہے کہ جزم دیتی ہے اپنی مدخول کو۔ جزم عام ہے خواہ لفظی ہو یا تقدیری یا محلی علامہ جزم صحیح مفرادات میں بحذف حرکت ہے اور معتل مفردات میں بحذف حرف علت ہے اور تثنیہ وجمع اور واحد مؤنث حاضرہ میں بحذف نون اعرابی ہے انکی اسم وتام یہ ہے کہ وہ مسمّی کیا جا سکتا ہے۔ حروف جوازم سے اسلئے کہ وہ جزم دیتی ہیں فعل مضارع کو اور اسی طرح حروف نقل سے اسلئے کہ اِنْ نقل کرتا ہے معنی ماضی مضارع کو۔ لَمْ

اور لمّا نقل کرتی ہیں معنی مضارع ماضی کو لام امر لائے نہی نقل کرتی ہیں معنی مضارع حال سے استقبال کو۔

فائدہ: لَمْ فعل مضارع کو معنی ماضی منفی کر دیتا ہے مثال لَمْ یَضْرِبْ یہ بمعنی مَا ضَرَبَ ہے لَمَّا بھی مثل لَمْ ہے لیکن ان کے بین فرق ہے وہ یہ کہ لَمَّا خاص ہے استغراق کیساتھ یعنی وقت نفی سے زمانہ تکلم تک اس سارے زمانے میں فعل کا نفی کیا گیا ہے اور لَمْ میں استغراق نہیں ہوتا مثال لَمَّا ، لَمَّا یَضْرِبْ زَیْدٌ (ابھی تک زید نے نہیں مارا) تو تقدیر عبارت یوں ہوگی مَا ضَرَبَ زَیْدٌ فِیْ شَیْءٍ مِنَ الْاَزْمِنَةِ الْمَاضِیَةِ۔

(لام امر) طلب فعل کیلئے آتا ہے۔ طلب فعل یا فاعل غائب سے ہوگا مثال لِیَضْرِبْ یا فاعل متکلم سے لِاَضْرِبْ مفعول غائب سے لِیُضْرَبْ یا مفعول مخاطب سے لِتُضْرَبْ یا مفعول متکلم سے لِاُضْرَبْ

(لائے نہی) طلب ترک فعل کیلئے آتا ہے طلب ترک فعل یا تو فاعل غائب سے ہوگا لَا یَضْرِبْ یا فاعل مخاطب سے لَا تَضْرِبْ یا فاعل متکلم سے لَا اَضْرِبْ ، لَا نَضْرِبْ اِنْ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے پہلا جملہ فعلیہ ہوگی اور دوسرا جملہ بھی فعلیہ ہوگا اور کبھی اسمیہ ہوگا۔ پہلے جملے کو شرط اور دوسرے جملے کو جزاء کہتے ہیں۔

اب مدخول اِنْ خالی نہ ہوگا یا تو دونوں جملے فعل مضارع ہوں گے یا شرط صرف فعل مضارع ہوگا اور جزاء یا فعل ماضی ہوگا یا جملہ اسمیہ تو ان دونوں صورتوں میں اِنْ فعل مضارع کو جزم دیتا ہے وجوبا مثال اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ دونوں جملے فعل مضارع مجزوم ہیں اِنْ تَضْرِبْ ضَرَبْتُ پہلا جملہ فعل مضارع مجزوم ہے لفظاً اور دوسرا جملہ مجزوم ہے محلاً اِنْ تَضْرِبْ فَزَیْدٌ ضَارِبٌ پہلا جملہ فعل مضارع مجزوم ہے لفظاً اور دوسرا جملہ اسمیہ محلاً مجزوم ہے اور اگر جزاء صرف فعل مضارع ہو اور شرط فعل ماضی ہو تو اس صورت میں اِنْ فعل مضارع کو جزم دیتا ہے جوازاً مثال اِنْ ضَرَبْتَ اَضْرِبْ / اَضْرِبُ ۔ اور باقی چار حروف کی مدخول فقط فعل مضارع ہے اور جزم دیتی ہیں فعل مضارع کو فقط۔

حروف عاملہ ختم شد

اسمائے عاملہ شروع ھوا

النوع السابع

من وما ومہما وای وحیثما اذما متی　　　　وایان انی اسم جازم مندرج فعل را

امور خمسہ اس نوع میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم وتام ہیں۔

اس نوع میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کیے گئے ہیں انکی ذات اسم ہے فعل حرف نہیں عدد میں نو ہے کم وبیش نہیں ہیں اور انکی مدخول فعل ہے اسم اور حرف نہیں انکی عمل یہ ہے کہ وہ جزم دیتی ہیں فعل مدخول کو اس شرط پر کہ یہ اسماء متضمن ہو معنی اِنْ شرطیہ کو اور علامہ جزم سقوط حرکات ہیں صحیح مفرادات خمسہ میں اور ناقص میں سقوط حرف علت ہے تثنیہ جمع واحد مؤنث حاضرہ میں سقوط نون اعرابی ہے۔ اسم وتام انکی یہ ہے کہ وہ مسمی کیا جاسکتا ہے۔ اسماء جوازم سے اسلئے کہ وہ جزم دیتی ہیں مضارع کو اور مسمی ہیں آسماء شرط سے اسلئے کہ وہ معنی اِنْ شرطیہ کو متضمن ہیں مثال: اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ۔

فائدہ: آسماء شرط داخل ہوتے ہیں دو فعلوں پر فعل اول سبب ہوتا ہے فعل ثانی کیلئے فعل اول کو شرط اور ثانی کو جزاء کہتے ہیں۔ اب اگر دونوں فعل مضارع ہو یا فعل اول مضارع ہو اور فعل ثانی مضارع نہو تو ان دونوں صورتوں میں جزم واجب ہے فعل مضارع میں مثال: مَنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ مَنْ تَضْرِبْ ضَرَبْتُ۔ اگر فعل ثانی مضارع ہو اور فعل اول ماضی ہو تو اس صورت میں رفع جزم دونوں جائز ہیں فعل مضارع میں، مثال اِذْمَا كَتَبْتَ اَكْتُبْ / اَكْتُبُ۔ (۱) مَنْ استعمال ہوتا ہے ذوی العقول میں اور غیر ذوی العقول میں بہت کم استعمال ہوتا ہے مَنْ يُكْرِمْنِيْ اُكْرِمْهُ غیر ذوی العقول کیلئے مثال قَوْلُهٗ تَعَالٰى فَمِنْهُمْ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ

(۲) مَا اکثر غیر ذوی العقول میں استعمال ہوتا ہے اور ذوی العقول کیلئے بھی آتا ہے اول کیلئے مثال مَا تَشْتَرِ اَشْتَرِ دوسرے کیلئے مثال قَوْلُه تعالىٰ وَالسَّمَآءِ وَمَابَنٰهَا اَیْ وَمَنْ بَنٰهَا

(۳) اَیّ لازم الاضافت ہے اور صرف ذوی العقول کیلئے آتا ہے مثال اَیُّهُمْ یَضْرِبْنِیْ اَضْرِبْهُ۔

(۴)(۵) مَتٰی، مَهْمَا زمان کیلئے آتے ہیں (ظرف زمان) مَتٰی یا مَهْمَا تَذْهَبْ اَذْهَبْ اَیْ اِنْ تَذْهَبِ الْيَوْمَ اَذْهَبِ الْيَوْمَ۔

(۶) انّی (۷) اینما (۸) حیثما مکان کیلئے آتی ہیں انّی یا اَیْنَمَا یا حَیْثُمَا تَقْعُدْ اَقْعُدْ

(۹) اذما غیر ذوی العقول کیلئے آتا ہے اِذْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ۔

النوع الثامن

ناصب اسم منکر نوع ہشتم چار اسم ہست چوں تمیز باشد آں منکر ہر کجا

آٹھواں نوع ان عوامل میں ہے جو نصب دیتی ہے اسم نکرہ کو۔ وہ چار ہیں اور ایسا اسم نکرہ ہر جگہ منصوب ہوگی بنا بر تمیز۔

اولین لفظ عشر باشد مرکب با احد ہم چنیں تا تسع و تسعین بر شمر ایں حکم را

ان چار اسماء میں لفظ عشر ہے جو مرکب ہو احد کیساتھ اسی طرح یہ حکم شمار کرنا نوے تک۔

باز ثانی کم جو استفہام باشد نی خبر ثالث ایشاں کاین رابع ایشاں کذا

پھر دوسرا اسماء اعداد سے کم ہے جب یہ استفہامیہ ہو نہ کہ خبریہ تیسرا کاین ہے اور چوتھا ان سے کذا ہے۔

امور خمسہ اس نوع میں ذات معدود مدخول عمل، اسم و نام ہیں۔

اس نوع میں جتنے عوامل لفظی سماعی ذکر کی گئی ہیں انکی ذات اسم ہے فعل و حرف نہیں عدد میں چار ہے انکی مدخول اسم نکرہ مفردہ ہے جملہ اسمیہ فعلیہ فعل اور حرف نہیں انکی عمل نصب ہے اسم نکرہ مفردہ میں بناء بر تمیز رفع اور جر نہیں اسم و نام انکی یہ ہے کہ وہ مسمی ہیں اسماء نواصب سے اور اسی طرح اسماء اعداد سے اسلئے کہ وہ مشتمل ہیں عدد پر۔

فائدہ: جاننا چاہیے کہ شمار کو اسماء اعداد اور جو چیز شمار کیا جاتا ہے اسکو معدود یعنی ممیز اور تمیز کہتے ہیں معدود دو قسم پر ہے (۱) عدد صریحی (۲) عدد غیر صریحی (عدد کنائی)

(۱) عدد صریحی یہ ہے کہ مفہوم ہوتا ہے اسماء اعداد سے وہ اثنین ثلثہ ہیں بالا انتہاء تک (۲) عدد کنائی یہ ہے کہ مفہوم ہوتا ہے کم کذا کاین سے عدد صریحی تین قسم پر ہے (۱) عدد اقل (۲) عدد اوسط (۳) عدد اکثر عدد اقل واحد سے عشر تک اور عدد اوسط احد عشر سے تسع وتسعون تک عدد اکثر مائۃ سے بالا انتہاء تک۔

فائدہ : اسماء اعداد میں امور ثلاثہ کی معرفت ضروری ہے

(۱) کلمات اسماء اعداد (۲) استعمال اسماء اعداد (۳) تمیز اسماء اعداد

تمیز اسمائے اعداد: عدد اقل میں واحد اور اثنان انکی تمیز نہیں آتی اور باقی عدد اقل کی تمیز جمع مجرور ہوتا ہے ثلاثۃ رجال اور تمیز عدد اوسط کی مفرد منصوب ہوتی ہے احد عشر رجلا تمیز عدد اکثر کی مفرد مجرور ہوتی ہے عندی مائۃ رجل. مذکورہ تینوں اعداد کی تمیز اور احوال کسی نے شعر میں جمع کیا ہے۔

تمیز از عدد بہ سہ نمط دان ز سہ تا دہ ہمہ مجموع ومکسور ز دہ تا صد ہمہ منصوب ومفرد ز صد بہ تر فرداست ومجرور اصول اور کلمات اسمائے اعداد مفرد واحد سے عشر تک اور مائۃ والف ہے تو کل بارہ اعداد مفردات ہوگئی۔ (۲) مرکب بلا عطف احد عشر سے تسعۃ عشر تک (۳) عقود عشرون سے تسعون تک (۴) مرکب بواسطہ معطوف انکی مابین میں واؤ عطف آیا ہو یہ واحد وعشرون سے تسع وتسعون تک (استعمال) واحد واثنان ہمیشہ موافق القیاس استعمال ہوتے ہیں مذکر کیلئے واحد اور اثنان آتے ہیں اور مونث کیلئے واحدۃ اور اثنتان خواہ مفرد ہو یا مرکب ہو یا معطوف اور ثلاثۃ سے تسعۃ تک مخالف القیاس استعمال ہوتے ہیں خواہ معدود مفرد ہو یا مرکب ہو یا معطوف اور عشر مفرد میں معدود کا مخالف ہوتا ہے اور مرکب میں موافق ہوتا ہے اور عقود وثمانیہ میں مائۃ اور الف میں تذکیر تانیث برابر ہے یعنی مذکر اور مونث دونوں کیلئے یکساں مستعمل ہوتے ہیں۔

عدد کنائی کیلئے تین الفاظ ہیں۔ (۱) کم (۲) کذا (۳) کاین (۱) کم بیان عدد کیلئے آتا ہے اور یہ مبہم ہوتا ہے کم دو قسم پر ہے (۱) کم استفہامیہ (۲) کم خبریہ (۱) کم استفہامیہ یہ ہے کہ اس پر طلب فہم کرتا ہے غیر سے اور کم استفہامیہ کا علامہ یہ ہے کہ اس کم کے بعد صیغہ مخاطب ذکر کیا جاتا ہے اور اسکا تمیز منصوب ہوتی ہے مثال کَمْ رَجُلاً ضَرَبْتَہٗ (کتنے مرد تم نے مارا) (۲) کم خبریہ یہ ہے کہ اس سے اخبار دیا گیا ہوا اپنے نفس سے اور کم خبریہ کا علامت یہ ہے کہ اس کم کے بعد صیغہ متکلم ذکر کیا جاتا ہے اور اسکا تمیز مجرور ہوا کرتا

ہے بنا بر اضافت مثال کَمْ مَالٍ اَنْفَقْتُہٗ (بہت سا مال میں نے خرچ کیا)

(کذا) مرکب ہے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ سے لیکن یہاں معنی ترکیبی مراد نہیں بلکہ مراد عدد مبہم ہے کذا نصب دیتا ہے تمیز کو مثال کَذَا رَجُلاً عِنْدَکَ (کتنے مرد آپ کے پاس ہے) (کاٴین) مرکب ہے کاف حرف تشبیہ اور حرف تشبیہ اور ای اسم موصول سے لیکن یہاں اس سے عدد مبہم مراد ہے اور وہ نصب دیتا ہے تمیز کو مثال کَاٴَیِّنْ رَجُلاً عِنْدَکَ (کتنے مرد آپ کے پاس ہیں)

﴿خلاصہ نوعہ ثامن﴾

مندرجہ ذیل امور ذکر کی گئی ہیں انکی پہنچنا ضروری ہے (۱) عدد صریحی (۲) عدد کنائی (۳) اقسام عدد صریحی کی اقل، اوسط، اکثر (۴) احوال معدود اور تمیز جمع مجرور مفرد منصوب مفرد مجرور (۵) اسماء اعداد کی اصول و کلمات مفرادات مرکب بلا عطف عقود ثمانیہ مرکب بالعطف (۶). سماء اعداد کی استعمال موافق القیاس مخالف القیاس (۷) عدد کنائی کی الفاظ کم، کذا، کاٴین

النوع التاسع

نہ بود اسمائے افعالی کز ان شش ناصب ودنک بلہ علیک جمل باشد وحا پس رویدہ باز رافع اسم راہیہات دان باز شتان است سرعان یاد گیر ایں بیتہا

- امور خمسہ اس نوعہ میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم و نام ہیں اس نوعہ میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کی گئی ہیں ان سب کی ذات اسم ہے عدد میں نو ہیں انکی مدخول بھی اسم مفردہ ہے اور انکی عمل یہ ہے کہ چھ ان میں سے نصب دیتی ہیں مدخول کو بناء بر مفعولیت اور تین رفع دیتی ہیں مدخول کو بناء بر فاعلیت رفع نصب عام ہے خواہ لفظی ہو یا تقدیری یا محلی۔

اسم و نام انکی اسماء افعال ہے اسلئے کہ یہ اسماء بمعنی افعال ہیں پہلے چھ بمعنی امر حاضر ہیں اور تین بمعنی ماضی ہیں (۱) رُوَیْدَ بمعنی اَمْهِلْ (مہلت دو) مثال رُوَیْدَ زَیْدًا ای اَمْهِلْ زَیْدًا (۲) بَلْهَ بمعنی دَعْ (چھوڑ دو) مثال بَلْهَ زَیْدًا ای دَعْ زَیْدًا (۳) عَلَیْکَ بمعنی اَلْزِمْ (لازم کر) مثال عَلَیْکَ زَیْدًا ای اَلْزِمْ زَیْدًا

(۵) حَیْهَلْ بمعنی ایت (آو) مثال حَیْهَلْ الصَّلٰوۃَ ای ایتِ الصلوٰۃَ (۶) ھَا بمعنی خذ (پکڑو)
مثال ھَا زَیْدًا ای خُذْ زَیْدًا

مذکورہ ان چھ افعالوں کیلئے فاعل ضروری ہے اور فاعل ضمیر مخاطب ہے جو ان افعال میں مستتر ہے (۷)
ھَیْھَاتَ بمعنی بَعُدَ فعل ماضی مثال ھَیْھَاتَ زَیْدٌ ای بَعُدَ زَیْدٌ (زید دور ہوا) (۸) سَرْعَانَ بمعنی
سَرُعَ مثال سَرْعَانَ زَیْدٌ ای سَرُعَ زَیْدٌ (زید نے جلدی کی) (۹) شَتَّانَ بمعنی اِفْتَرَقَ مثال
شَتَّانَ زَیْدٌ ای اِفْتَرَقَ زَیْدٌ (زید جدا ہوا)

﴿اسمائے عاملہ ختم شد﴾

النوع العاشر

نوع عاشر سیزدہ فعلند کایشاں ناقصند | رافع اسمند و ناصب در خبر چوں ما ولا

کان صار و اصبح امسی و اضحی ظل بات | ما فتئ مادام ما انفک لیس باشد ازقفا

ما برح مازال افعالی کز ینها مشتقند | ہر کجا بینی ہمیں حکم است در جملہ روا

امور خمسہ اس نوع مذات، عدد، مدخول، عمل، اسم و نام ہیں۔ اس نوع میں جتنے عوامل لفظی سماعی ذکر کئے گئے ہیں۔ ذات ان سب کی فعل ہے اسم و حرف نہیں۔ عدد میں تیرہ ہیں کم و بیش نہیں انکی مدخول جملہ اسمیہ ہے اور جملہ فعلیہ اور اسم فعل و حرف نہیں اور انکی عمل رفع ہے۔ مبتدا میں جو مسمی کیا جاسکتا ہے افعال ناقصہ کی اسم سے اور نصب ہے خبر میں جو مسمی کیا جاسکتا ہے افعال ناقصہ کی خبر سے رفع نصب عام ہیں خواہ لفظی ہو یا تقدیری ہو یا محلی ہو۔

انکی اسم و نام یہ ہیں کہ وہ مسمی کئے جاتے ہیں افعال ناقصہ سے۔ بوجہ نقصان ان افعال کے معنی میں اسلئے کہ ناتمام رہتا ہے معنی افعال فقط مرفوع یعنی فاعل پر بدون انضمام منصوب کے یعنی یہ افعال فاعل پر تمام نہیں ہوتے بلکہ محتاج ہوتے ہیں۔ خبر کو بخلاف باقی افعال کے کہ وہ فقط مرفوع پر تمام ہوتی ہیں اور خبر کو محتاج نہیں ہوتی۔ اسی طرح مسمی کئے جاتے ہیں یہ افعال نواسخ سے اسلئے کہ وہ عامل معنوی کا عمل منسوخ کرتے ہیں مبتدا اور خبر میں۔

فائدہ: کان دو قسم پر ہیں (۱) کان زائدہ کہ خلل واقع نہیں ہوتا اصل معنی کلام میں اسکے حذف سے

(۲) کان غیر زائد کہ خلل اور نقصان واقع ہوتا ہے اصل معنیٰ کلام کلام میں اسکے سقوط سے کان غیر زائدہ دو قسم پر ہے (۱) تامہ (۲) ناقصہ کان ناقصہ یہ ہے کہ ثابت کر دیتا ہے اپنا خبر اسم کیلئے زمانہ ماضی میں خواہ ممکن الانقطاع ہو یا ممتنع الانقطاع یعنی ثبوت خبر اسم کیلئے زمانہ ماضی سے حال تک دائمی ہو یا نہو مثال ممکن الانقطاع کیلئے کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا اس مثال میں قیام ثابت کیا گیا ہے زید کیلئے تو یہ ضروری نہیں کہ زید کا قیام زمانہ تکلم تک ممتد ہو مثال ممتنع الانقطاع کیلئے وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا حَكِيمًا صفت علم اللہ تعالیٰ کیلئے دائمی ہے کان تامہ یہ ہے کہ فقط فاعل پر تمام ہوتا ہے اور خبر کا محتاج نہو کان تامہ بمعنی وَجَدَ بھی آتا ہے کَانَ زَیْدٌ اَیْ وَجَدَ زَیْدٌ

صار دو قسم پر ہے (۱) تامہ (۲) ناقصہ ناقصہ یہ ہے کہ وہ دال ہو انتقال اسم پر ایک حقیقت سے دوسرے حقیقت کو یا دال ہوں انتقال اسم پر ایک صفت سے دوسرے صفت کو اول کیلئے مثال صَارَ الطِّیْنُ خَزَفًا دوسرے کیلئے مثال صَارَ زَیْدٌ غَنِیًّا

صار تامہ یہ ہے کہ فقط فاعل پر تمام ہوتا ہو اور دال ہو انتقال اسم پر ایک مکان سے دوسرے مکان کو اور متعدی بالی ہو مثال صَارَ زَیْدٌ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ (زید منتقل ہوا ایک شہر سے دوسری شہر کو) اصبح، امسی، اضحیٰ یہ دلالت کرتی ہیں جملہ کی اقتران مضمون پر اپنی اوقات تک مضمون جملہ یہ ہے کہ مصدر اسم مشتق مضاف کی جاوے مبتدا کو مثلاً اَصْبَحَ زَیْدٌ غَنِیًّا میں مضمون جملہ غناء زید ہے اور وقت اصبح صبح کا وقت ہے تو معنیٰ یہ ہوا اصبح زید ای حَصَلَ غِنَاهُ فِی وَقْتِ الصَّبَاحِ اسی طرح اَضْحٰی زَیْدٌ حَاكِمًا ای حَصَلَ الْحُكُوْمَةُ فِیْ وَقْتِ الضُّحٰی اسی طرح اَمْسٰی زَیْدٌ قَارِئًا ای حَصَلَ قِرَاءَتُهٗ فِیْ وَقْتِ الْمَسَاءِ مذکور تین افعال بمعنی صار بھی آتی ہیں اس وقت یہ افعال خالی ہوگی معنی وقت سے اور صار دلالت کرے گا انتقال اسم پر ایک صفت سے دوسرے صفت کو مثال اَصْبَحَ الْفَقِیْرُ غَنِیًّا ای صَارَ الْفَقِیْرُ غَنِیًّا اَمْسٰی زَیْدٌ كَاتِبًا ای صَارَ زَیْدٌ كَاتِبًا اَضْحَی الْمُظْلِمُ مُنِیْرًا ای صَارَ الْمُظْلِمُ مُنِیْرًا مذکورہ تین افعال تامہ بھی آتے ہیں اور بمعنی دَخَلَ ہوگی اور جن اوقات پر دلالت کریگی وہ دخل فعل کیلئے ظرف ہوگی مثال اَصْبَحَ زَیْدٌ اَیْ دَخَلَ زَیْدٌ فِی الصَّبَاحِ (زید وقت صباح میں داخل ہوا) اَمْسٰی زَیْدٌ ای دَخَلَ زَیْدٌ فِی الْمَسَاءِ وَاَضْحٰی زَیْدٌ اَیْ دَخَلَ زَیْدٌ فِی

الضحی۔

ظلّ، بات: یہ دونوں دلالت کرتے ہیں جملہ کی اقتران مضمون پر اپنی اوقات تک ظلّ کا وقت نہار ہے اور بات کا وقت لیل ہے مثال ظلّ زیدٌ کاتبًا ای حصل کتابتہ فی النھار بات زیدٌ نائمًا ای حصل نومہ فی اللیل مذکورہ دونوں افعال بمعنی صار بھی آتے ہیں مثال ظلّ الصبیُّ بالغًا ای صار بالغًا بات الشابُّ شیخًا ای صار شیخًا۔

ما دام: آتا ہے ایک شے کی توقیت کے لئے اپنی مدت تک خبر کا اپنے اسم کیلئے مثال اجلس ما دام زیدٌ جالسًا اس مثال میں جلوس مخاطب ثابت ہوگا اس وقت تک جب تک زید کے لئے جلوس ثابت ہو اسلئے ضروری ہے کہ مادام سے پہلے یا تو جملہ اسمیہ ہے یا فعلیہ اسلئے کہ مادام ماقبل کے لئے ظرف بن جاتا ہے مثال زیدٌ قائمٌ ما دام بکرٌ قائمًا۔

ما زال، ما برح، ما انفک، ما فتئ: یہ چاروں افعال دلالت کرتی ہیں خبر کے ثبوت دوام پر اپنے اسم کیلئے جس وقت سے اسم خبر کو قبول کیا ہے اور ان افعال کے لئے نفی لازم ہے۔ مثال ما زال زیدٌ غنیًا (ہمیشہ زید مالدار اور غنی تھا) ما برح زیدٌ صائمًا (زید ہمیشہ روزہ دار تھا) ما انفک زیدٌ عاقلًا ما فتئ عمرٌ ولا ضلًا۔ لیس: جملہ حالی کے مضمون کے نفی کیلئے آتا ہے یعنی نفی لاتا ہے زمانہ حال میں مثال: لیس زیدٌ قائمًا (زید ابھی کھڑا نہیں ہے) اور بعض کہتے ہیں کہ لیس مطلق نفی کیلئے آتا ہے خواہ نفی زمانہ حال میں ہو یا استقبال میں ہو یا ماضی میں ہو۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ تقدیم افعال ناقصہ کی خبر کا اپنی اسم پر جائز ہے مثال: کان قائمًا زیدٌ اور اسی طرح خبر کا تقدیم نفسی افعال پر بھی جائز ہے مثال: قائمًا کان زیدٌ

فائدہ: بدان کہ مشتقات ناقصہ کی (کہ مضارع، امر، نہی، اسم فاعل، مصدر وغیرہ ہیں ان افعال کی حکم میں ہے عمل میں جواز تقدیم خبر وغیرہ، میں مثال قولہ تعالی او یصبح ماؤھا غورا

النوع الحادی عشر

دیگر افعال مقارب در عمل چوں ناقصہ ہست آں کا ذکر بباد شک دیگر عسی

امور خمسہ اس نوع میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم و تام ہیں۔ اس نوع میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کی

گئی ہیں انکی ذات فعل ہے اسم وحرف نہیں عدد میں چار ہیں اور دخول انکی وہ جملہ اسمیہ ہے کہ جزء اول انکی اسم ہو اور جز ثانی فعل مضارع ہو مع اَنْ یا بغیر اَنْ اور انکی عمل رفع ہے مبتدا میں جو مسمی ہے افعال مقاربہ کی اسم کے ساتھ اور نصب ہے خبر میں جو مسمی ہے افعال مقاربہ کی خبر کے ساتھ رفع نصب عام ہیں لفظی ہو یا تقدیری ہو یا محلی ہو اسم و نام انکی افعال مقاربہ اسلئے ہے کہ وہ دلالت کرتی ہیں حصول خبر کے قرب پر اسم کیلئے قرب رجائی یا قرب حصولی یا قرب اخذی پر۔

فائدہ: قرب رجائی یہ ہے کہ متکلم طمع اور امید رکھتا ہے حصول خبر کے قرب کا اسم کے لئے مثال عَسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّخْرُجَ (امید ہے کہ زید جلدی نکلے گا) اسمیں یقین نہیں ہوگا۔ قرب حصولی یہ ہے کہ متکلم کا جزم اور یقین ہو خبر کے حصول پر اپنے اسم کے لئے بدون شروع سے خبر میں۔ مثال: کَادَ زَیْدٌ یَخْرُجُ (قریب ہے کہ زید جلدی نکلے گا) اسکے لئے کَادَ، کَرُبَ، اَوْشَکَ آتے ہیں۔

قرب اخذی یہ ہے کہ متکلم کا جزم اور یقین ہو خبر کے حصول پر اسم کیلئے مع شروع خبر میں جیسا کہ اَخَذَ، شَرَعَ، طَفِقَ میں، مثال: وَطَفِقَا یَخْصِفَانِ عَلَیْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ۔

فائدہ: مذکورہ افعال میں عسی فعل غیر متصرف ہے اسلئے کہ سوای ماضی سے اور علاوہ لحوق تاے تانیث کی اور صیغے نہیں آتی۔ عَسٰی دو قسم پر ہے ناقصہ، تامہ۔ عسٰی ناقصہ بمعنی قَارَبَ ہے اس صورت میں عسٰی رفع دیتا ہے اسم کو اور نصب دیتا ہے خبر کو لیکن اسکا خبر فعل مضارع مع اَنْ مستعمل ہو مثال عَسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّخْرُجَ، اَنْ یَّخْرُجَ تاویل مصدر اور مفرد سے محل نصب میں ہے معنی یہ ہوا قَارَبَ زَیْدٌ الْخُرُوْجَ قریب ہے زید نکلنے کو۔ امر ضروری یہ ہے کہ عسٰی کے اسم اور خبر میں مطابقت ضروری ہے افراد، تثنیہ، جمع، تذکیر، تانیث میں۔ اسلئے کہ یہ اصل میں مبتدا اور خبر ہیں اور ان میں مطابقت ضروری ہے۔ عسٰی تامہ بمعنی قَرُبَ ہے اسکا فاعل فعل مضارع مع اَنْ تاویل مصدر سے محل رفع میں ہوتا ہے مثال عسٰی اَنْ یَّخْرُجَ زَیْدٌ۔ (کَادَ) کا خبر فعل مضارع مع اَنْ یا بدون اَنْ دونوں طرح آتے ہیں مثال کَادَ زَیْدٌ یَخْرُجُ وَاَنْ یَّخْرُجَ یہ بمعنی قَرُبَ خُرُوْجُ زَیْدٍ ہے۔ (کَرُبَ) کا خبر ہمیشہ فعل مضارع بغیر اَنْ ہوتا ہے مثال کَرُبَ زَیْدٌ یَخْرُجُ (قریب ہے کہ زید جلدی نکلے گا) (اَوْشَکَ) کا خبر اکثر فعل مع اَنْ یا بغیر اَنْ ہوتا ہے مثال اَوْشَکَ زَیْدٌ اَنْ یَّجِیْئَ او یجیئ بعض نحات فرماتے ہیں

کہ افعال مقاربہ سات ہیں چار مذکور اور تین یہ ہیں جَعَلَ ، طَفِقَ ، اَخَذَ یہ تینوں بمعنی کرب ہیں۔

فائدہ: افعال مقاربہ کی حکم اپنے مشتقات کے حکم پر ہیں مثال قولہ تعالیٰ یَکَادُ الْبَرْقُ یَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ وغیرہ۔

النوع الثانی عشر

دیگر افعال ویقین وشک بود کاں بردو اسم چوں درآید بر یکی منصوب سازد ہر دورا

امور خمسہ اس نوع میں ذات، عدد، مدخول، عمل، اسم وتام ہیں۔

اس نوع میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کئے گئے ہیں ان سب کی ذات فعل ہے۔ اسم وحرف نہیں۔ عدد میں سات ہیں مدخول جملہ اسمیہ ہے جملہ فعلیہ یا مرف فعل یا اسم وحرف نہیں عمل ان میں نصب ہے مبتدا خبر میں بناور مفعولیت۔ نصب عام ہے خواہ لفظی ہو یا تقدیری یا محلی ہو۔ اسم وتام یہ ہے کہ یہ سب ہیں افعال یقین وشک کیساتھ اسلئے تین ان میں سے یقین کیلئے ہیں عَلِمْتُ، رَأَیْتُ، وَجَدْتُ اور تین شک کیلئے حَسِبْتُ، خِلْتُ، ظَنَنْتُ اور زَعَمْتُ مشترک ہے مابین یقین وشک کے۔ اور اسی طرح یہ افعال مسمی ہیں افعال قلوب سے اسلئے کہ صدور انکی قلب سے ہوتی ہیں اعضائی جوارح کے لئے کوئی دخل نہیں ہے اور اسی طرح مسمی ہیں نواسخ سے اسلئے کہ وہ منسوخ کرتی ہے عمل عامل معنوی کا مبتدا خبر میں مثال عَلِمْتُ زَیْدًا فَاضِلًا (میں نے یقین کیا زید پر فاضل ہونے کا)۔

فائدہ: افعال قلوب کبھی اور معانیوں پر بھی استعمال ہوتی ہیں اس صورت میں وہ مقتضی ہیں ایک مفعول کو مثال عَلِمْتُ زَیْدًا ای عَرَفْتُ زَیْدًا (میں نے زید پہچانا) رَأَیْتُ بمعنی اَبْصَرْتُ قولہ تعالیٰ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی و وَجَدْتُ بمعنی اَصَبْتُ مثال وَجَدْتُ الضَّالَّةَ ای اَصَبْتُهَا (گم ہوئے چیز میں نے پایا) **فائدہ:** افعال قلوب میں اقتصار یک مفعول جائز نہیں اسلئے کہ دونوں مفعولین حقیقت میں بمنزلہ اسم واحد ہے اسلئے کہ مضمون ان دونوں مفعولین کا حقیقت میں ایک مفعول ہوتا ہے اور مضمون مفعولین سے مراد یہ ہے کہ مفعول ثانی کا مصدر مضاف کیا دے مفعول اول کو مثال عَلِمْتُ زَیْدًا فَاضِلًا ای عَلِمْتُ فَضْلَ زَیْدٍ لہذا اگر ان دونوں مفعولین میں سے ایک حذف کیا جائے تو لازم ہوتا ہے حذف بعض اجزاء کلمے کا اور یہ ناجائز ہے۔

فائدہ : جب مفعولین کے درمیان افعال قلوب واقع ہو جاویں یا مؤخر واقع ہو جاویں تو ان افعال کی اعمال باطل کرنا جائز ہے یعنی اعمال اور ابطال دونوں جائز ہیں ابطال کا مثال زیدٌ ظننتُ قائمٌ اعمال کا مثال زیدًا ظننتُ قائمًا مؤخر کا مثال ابطال اور اعمال میں زیدٌ قائمٌ ظننتُ، زیدًا قائمًا ظننتُ بعض نحات فرماتے ہیں توسط الفعل کے صورت میں اعمال اولی ہے اور تاخر الفعل کے صورت میں ابطال اولی ہے۔**فائدہ** : جب ہمزہ کی زیادت ہو جاویں در اول عَلِمْتُ وَرَأَيْتُ تو اس صورت میں یہ دونوں متعدی ہوتے ہیں بسہ مفعول اسلئے کہ وہ باب افعال کو منتقل ہو جاتے ہیں اور جب کوئی فعل مجرد میں متعدی بدو مفعول ہو تو در انتقال جانب باب افعال کو متعدی بسہ مفعول ہو جاتے ہیں اور زیادت ہمزہ خاص ہے۔ان دو افعال کیساتھ باقی افعال میں نہیں مثال عَلِمْتُ زیدًا فاضِلًا ۔ مثال زیادت ہمزہ اَعْلَمْتُ زیدًا عمرًا فاضِلًا (میں نے زید کو خبر دیا کہ عمرو فاضل ہے)۔ اَنْبَأَ وَنَبَّأَ اَخْبَرَ وَخَبَّرَ یہ چار و افعال متعدی بسہ مفعول ہوتی ہیں بدانکہ مفاعیل ثلثہ افعال قلوب کی ایمیں مفعول اول کا حذف جائز نہیں اور آخر والے دونوں مفعولین اکھٹے حذف کرنا جائز ہیں اور اس آخر والے مفعولین مین ایک حذف کرنا اور دوسرا ترک کرنا بھی جائز نہیں۔

النوع الثالث عشر

رافع اسمائی جنس افعال مدح وذم بود چار باشد نعم بئس ساء آنگہ حبذا

امور خمسہ اس نوعہ میں ذات، عدد، مدخول عمل، اسم ونام ہیں۔اس نوعہ میں جتنی عوامل لفظی سماعی ذکر کی گئی ہیں ان سب کی ذات فعل ہے اسم حرف نہیں عدد میں چار ہیں مدخول اسم جنس ہے عمل یہ ہے کہ رفع دیتی ہیں اسم جنس کو بناء بر فاعلیت اسم ونام انکی یہ ہے کہ وہ مسمی ہیں افعال مدح وذم کیساتھ اسلئے کہ نِعْمَ اور حَبَّذَا مدح کیلئے آتے ہیں اور بئس ساء ذم کیلئے، مدح کسی کا صفت کرنا نیکی سے،اور ذم کسی کا صفت کرنا برائی سے۔**فائدہ** : جاننا چاہئے کہ افعال مدح وذم کے لئے دو چیزیں ضروری ہے (۱) فاعل (۲) مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم اور انکے فاعل امور ثلثہ میں سے ایک ہوگا (۱) یا تو انکے فاعل اسم جنس معرف باللام ہوگا (الف لام عہد ذہنی) مثال نِعْمَ الرَّجُلُ زیدٌ (۲) یا فاعل مضاف ہو اسم جنس اور معرف باللام کی طرف مثال نِعْمَ صَاحِبُ الرَّجُلِ زیدٌ (۳) یا فاعل انکے ضمیر مبہم

ہو اور تمیز ہو گا نکرہ منصوب سے اور ضمیر مبہم راجع ہوگا معہود ذہنی کو اور معہود ذہنی معین ہوتا ہے مخصوص سے مثال نِعْمَ رَجُلاً زَیْدٌ فاعل نعم جو ضمیر مستتر ہے جو تمیز ہے نکرہ منصوب سے۔

فائدہ: افعال مدح وذم کی بعد ایک اسم مرفوع ذکر کیا جاتا ہے وہ مسمّی کیا جاتا ہے مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم سے اور اس مخصوص کیلئے شرط یہ ہے کہ وہ موافق ہوگا فاعل کیساتھ امور خمسہ میں، افراد تثنیہ، جمع، تذکیر، تانیث مثال نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ نعم الرجلانِ الزیدانِ نِعْمَ الرجالُ الزَّیْدُوْنَ نعمتِ الْمَرْأَۃُ الْھِنْدُ نِعْمَتِ المراتانِ الْھِنْدَانِ نعمتِ النِّسَاءُ الْھِنْدَاتُ اسکے فاعل میں شرط کیا گیا ہے کہ وہ اسم جنس مبہم ہو، تاکہ مدح وذم حاصل ہو جائے مخصوص اولاً عموماً اور ثانیاً خصوصاً سے یعنی اول مدح یا ذم معلوم طریقے سے کیا جائے اسلئے کہ جنس عام ہوتا ہے اور پھر مدح یا ذم ضمن مخصوص میں خصوصی طریقے سے کیا جائے۔

فائدہ: کبھی کبھار مخصوص حذف کیا جاتا ہے جب مخصوص کی حذف پر قرینہ اور دلیل موجود ہو مثال نِعْمَ الْعَبْدُ ای اَیُّوْبُ اس مقام میں مخصوص کے حذف پر قرینہ حضرت ایوب کا واقعہ ہے۔

بِئْسَ: فعل ذم ہے اسکا فاعل بھی ایک ہوگا امور ثلثہ میں سے اور حکم مخصوص بالذم کا تمام احکام مذکورہ میں مخصوص بالمدح جیسے ہے مثال بِئْسَ الرَّجُلُ زَیْدٌ باقی مثل سابق۔ ساءَ: یہ بھی بئس کے معنی میں ہے اور تمام طریقوں میں بئس کے موافق ہیں استعمال میں۔

حَبَّذَا: فعل مدح ہے یہ مرکب ہے فعل مدح اور ذا اسم اشارہ سے اور یہ ذا اسم اشارہ فاعل ہے حبّ کیلئے اور ذا اسم اشارہ حبّ فعل سے استعمال میں الگ نہیں ہوتا اور حَبَّذَا نِعْمَ کے معنی میں ہے اور مخصوص بالمدح ہمیشہ کیلئے مذکورہ ہوتا ہے بعد ذا فاعل سے اور فاعل پر مقدم نہیں ہوسکتا لیکن حبذا اور مخصوص بالمدح کا موافقت ضروری نہیں ہے فاعل کیساتھ مثال حَبَّذَا زَیْدٌ حَبَّذَا الزَّیْدَانِ الخ۔

فائدہ: یہ بھی جائز ہے کہ حبذا کے مخصوص بالمدح سے قبل ایک اسم واقع ہو اور موافق اسم ہو مخصوص بالمدح کیساتھ امور خمسہ میں اور وہ اسم منصوب ہوتا ہے بر تمیز یا بنا بر حال تمیز کے لئے مثال حَبَّذَا رَجُلاً زَیْدٌ مثال حال کیلئے حَبَّذَا رَاکِباً زَیْدٌ ۔ جاننا چاہیے کہ افعال مدح وذم میں لحوق تا ساکنہ کے علاوہ اور تصرفات جائز نہیں اسلئے کہ یہ افعال غیر متصرف ہیں۔ (افعال عامہ ختم شد)

عوامل قیاسیہ

بعد ازاں ہفت قیاسی اسم فاعل مصدر ست　　اسم مفعول و مضاف فعل باشد مطلقا
پس صفت باشد کہ آں مانند اسم فاعلست　　ہفتم اسم تام باشد ناصب تمیز را

• بداں کہ عوامل قیاسیہ عدد میں سات ہیں اسم و نام انکی عوامل لفظی قیاسی ہیں ان میں سے اول اسم فاعل ہے۔ اسم فاعل میں معرفت امور ثلاثہ کا ضروری ہیں ا تعریف ۲ عمل ۳ شرائط اسم فاعل لغت میں نام کار کنندہ اور صطلاح میں اِسْمٌ مُشْتَقٌ مِنَ الْفِعْلِ الْمُضَارِعِ الْمَعْلُوْمِ لِمَنْ قَامَ بِهِ الْفِعْلُ بِمَعْنَى الْحُدُوْثِ اسم فاعل وہ اسم ہے جو مشتق ہو فعل مضارع معلوم سے ایسے ذات کے لئے کہ قائم ہو وہ فعل اس ذات سے بطریقہ حدوث سے مثال ضَارِبٌ۔ عمل يَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِهٖ۔ اگر اسم فاعل مشتق ہو فعل لازم سے تو فاعل میں رفع کا عمل کرے گا فقط جیسے قَائِمٌ اور اگر متعدی ہو تو فاعل میں رفع کا عمل کرے گا اور مفعول میں نصب کا مثال ضَارِبٌ زَيْدٌ عَمْرًوا اور اسم فاعل کا عمل مشروط ہے بوجود الشرطین (۱) اسم فاعل بمعنی حال ہو یا استقبال (۲) شیء ستہ میں سے ایک پر اسم فاعل معتمد ہو (۱) معتمد ہو مبتدا پر اور اسم فاعل خبر واقع ہو رہا ہو مثال زَيْدٌ قَائِمٌ اَبُوْهُ (۲) معتمد ہو موصوف پر اور اسم فاعل صفت واقع ہو رہا ہو مثال مَرَرْتُ بِرَجُلٍ ضَارِبٍ اَبُوْهُ بَكْرًا (۳) معتمد ہو موصول پر اور اسم فاعل صلہ واقع ہو رہا ہو مثال جَاءَ نِي الْقَائِمُ اَبُوْهُ (۴) معتمد ہو ذوالحال پر اور اسم فاعل حال واقع ہو رہا ہو مثال جَاءَنِي زَيْدٌ رَاكِبًا غُلَامُهٗ (۵) معتمد ہو حرف استفہام پر مثال اَضَارِبٌ زَيْدٌ عمروا (۶) معتمد ہو حرف نفی پر مثال مَا قَائِمٌ زيدٌ (۲) اسم مفعول میں امور ثلاثہ کا معرفت ضروری ہیں (۱) تعریف (۲) عمل (۳) شرائط اسم مفعول لغت میں نام کار کردہ شدہ اور صطلاح میں هُوَ اِسْمٌ مُشْتَقٌ مِنَ الْفِعْلِ الْمُضَارِعِ الْمَجْهُوْلِ لِمَنْ وَقَعَ عَلَيْهِ الْفِعْلُ۔ اسم مفعول وہ اسم ہے جو مشتق ہو فعل مضارع مجہول سے ایسے ذات کیلئے کہ وہ فعل اس ذات پر واقع ہوا ہو مثال مَضْرُوْبٌ، عمل يَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِهٖ یعنی اپنے فعل جیسا عمل کرے گا اگر اسم مفعول مشتق ہو ایسے فعل سے کہ وہ متعدی بیک مفعول ہو تو وہ اپنے مدخول میں رفع کا عمل کرے گا اور وہ نائب فاعل بن جائے گا مثال زيدٌ مَضْرُوْبٌ غُلَامُهٗ اور اگر ایسے فعل سے مشتق ہو جو متعدی بدو مفعول ہو تو مفعول اول میں رفع کا عمل کریگا اور مفعول

ثانی میں نصب کا۔ مثال۔ زیدٌ معطٍ غلامہٗ درھمًا اور اسم مفعول کا عمل مشروط ہے بوجود الشرطین (۱)
اسم مفعول بمعنی حال یا استقبال (۲) اشیاء ستہ میں سے ایک پر معتمد (۱) معتمد بر مبتدا مثال زیدٌ
مضروبٌ ابوہٗ (۲) معتمد بر موصوف مثال مررتُ برجلٍ مضروبٍ ابوہٗ
(۳) معتمد بر موصول مثال جاءنی المضروبُ ابوہٗ (۴) معتمد بر ذوالحال مثال جاءنی زیدٌ
مضروبًا ابوہٗ (۵) معتمد بر حرف استفہام مثال أمضروبٌ زیدٌ (۶) معتمد بر حرف نفی مثال ما
مضروبٌ زیدٌ

(۴) مصدر میں امور ثلثہ کے معرفت ضروری ہے (۱) تعریف (۲) عمل (۳) استعمال
مصدر لغۃ جائے صدور اور صطلاح میں اسمُ حدثٍ اُشتُقَّ منہُ الفعلُ
مصدر وہ حدث کو کہتے ہیں کہ اس سے افعال بنائے جاتے ہو لہٰذا مصدر کو بھی مصدر اسلئے کہتے ہیں کہ
اس سے افعال خارج ہوتے ہے حدث وہ معنی ہے جو قائمٌ بالغیر ہو مثال ضَرَبَ زیدٌ اس مثال
میں ضرب معنی حدثی ہے جو قائم ہے زید کیساتھ۔ عمل: اِعْلَمْ اَنَّ المَصْدَرَ یَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِہٖ اگر
مصدر فعل لازم کا ہو تو فاعل میں رفع کا عمل کریگا فقط اور اگر مصدر فعل متعدی کا ہو تو رفع کا عمل کریگا فاعل
میں اور مفعول میں نصب کا مثال ضَرْبُ زیدٍ عمروًا۔

اور اگر مصدر ایسے فعل کا ہو جو متعدی بدو مفعول ہو تو مصدر عمل کریگا رفع کا فاعل میں اور نصب کا عمل کریگا
مفعولین میں مثال اَعْجَبَنِیْ عِلْمُ زیدٍ عمروًا فاضلًا۔ استعمال مصدر متعدی کا پانچ قسم پر ہے
(۱) مصدر مضاف ہو اپنے فاعل کو مفعول منصوب لفظًا ذکر ہو مثال اَعْجَبَنِیْ ضَرْبُ زیدٍ عمروًا
(۲) مصدر مضاف ہو اپنے فاعل کو اور مفعول لفظًا مذکور نہ ہو عَجِبْتُ مِنْ ضَرْبِ زیدٍ
(۳) مصدر مضاف ہو مفعول کو حالانکہ مصدر مبنی للمفعول ہو یعنی مصدر مجہول ہو مثال عَجِبْتُ مِنْ
ضَرْبِ زیدٍ ای مِنْ اَنْ یُضْرَبَ (مجھے تعجب ہوا زید کے مارنے پر)۔
(۴) مصدر مضاف ہو مفعول کو اور فاعل مرفوع لفظًا مذکور ہو مثال عَجِبْتُ مِنْ ضَرْبِ اللِّصِّ
الجلادُ (میں نے تعجب کیا جلاد کے مارنے پر چور کو)۔
(۵) مصدر مضاف ہو مفعول کو اور فاعل محذوف ہو مثال قولہ تعالیٰ لا یَسْأَمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَاءِ

الْخَيْرِ ای مِنْ دُعَائِهِ الْخَيْرَ یہ مذکورہ پانچ صورتیں جاری ہوتے ہے صرف مصدر متعدی میں اور مصدر لازمی میں صرف ایک صورت جاری ہوتے ہے وہ یہ کہ مصدر مضاف ہو فاعل کو۔

فائدہ: مصدر دو قسم پر ہے (۱) منون غیر مضاف (۲) غیر منون مضاف

اگر مصدر منون یعنی مضاف نہ ہو تو فاعل میں رفع کا عمل کریگا اور مفعول میں نصب کا مثال ضَرْبٌ زَيْدٌ عمرًوا

اور اگر غیر منون ہو تو جر دے گا فاعل کو اور نصب مفعول کو ضَرْبُ زَيْدٍ عمرًوا اور اگر مصدر مضاف ہو مفعول کو تو جر دے گا مفعول اور رفع فاعل کو مثال عَجِبْتُ مِنْ ضَرْبِ اللِّصِّ الْجَلَّادُ

صفت مشبہ میں امور ثلثہ کی معرفت ضروری ہے تعریف، عمل، استعمال۔ صفت مشبہ لغۃ مشابہت کردہ شدہ یعنی صفت مشبہ وہ معنی ہے جو مشابہ ہوتی آخر سے اور اصطلاح میں هُوَ اِسْمٌ مُشْتَقٌّ مِنَ الْفِعْلِ اللَّازِمِ لِمَنْ قَامَ بِهِ الْفِعْلُ بِمَعْنَى الثُّبُوْتِ صفت مشبہ وہ اسم ہے جو مشتق ہو فعل لازم سے اور دلالت کرتا ہو ثبوت معنی مصدری پر اپنے فاعل کے لئے بطریقہ دوام اور استمرار کے ساتھ۔

عمل: يَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِهِ یعنی فعل لازم جیسے جو فاعل کو رفع دیتا ہے بشرط الاعتماد علاوہ موصول کے اور شرط زمان صفت مشبہ میں نہیں ہے۔ صفت مشبہ کو صفت مشبہ اسلئے کہتے ہیں کہ وہ مشابہ ہے اسم فاعل کے ساتھ تعریف، تنکیر، تثنیہ، جمع، تذکیر، تانیث میں گردان شَرِيْفٌ، شَرِيْفَانِ شَرِيْفُوْنَ، شَرِيْفَةٌ، شَرِيْفَتَانِ، شَرِيْفَاتٌ.

فائدہ: کبھی صفت مشبہ کا معمول منصوب ہوتا ہے اگر معرفہ ہو وہ معمول تو بناء بر تشبیہ بالمفعول منصوب ہوگا مثال اَلْحَسَنُ الْوَجْهَ اگر نکرہ ہو وہ معمول تو بناء بر تمیز منصوب ہوگا مثال اَلْحَسَنُ وَجْهًا

(فائدہ) صفت مشبہ خواہ لازمی ہو اس سے مفعول نہیں آتا لیکن جب صفت مشبہ کا تشبیہ دی جائے اسم فاعل کیساتھ تو معمول منصوب کا تشبیہ اسم فاعل کے مفعول کیساتھ دیا گیا لہذا نصب دے دیا۔

طریقہ استعمال صفت مشبہ دو قسم پر ہے (۱) معرف باللام (۲) مجرد عن اللام مثال اَلْحَسَنُ، حَسَنٌ اسکا معمول تین قسم پر ہے (۱) معرف باللام الوجہ (۲) مضاف وجہہ (۳) مجرد عن اللام والاضافت وجہا

اب صفت مشبہ میں دو صورتیں بنائی گئی اور معمول میں تیں صورتیں تو اس سے اٹھارہ صورتیں نکل آ ئے گا
اُنمیں دو صورتیں حسن ہیں اور نو صورتیں احسن ہیں اور چار صورتیں قبیح ہیں اور دو صورتیں ممتنع ہیں اور
ایک صورت مختلف ہے یہ سب اس شعر میں آئی ہیں۔

حسن دو باشد و احسن نہ قبیح چہار
دو ممتنع بود مختلف یک شمار

عوامل معنویہ

عامل فعل مضارع معنوی باشد بداں ہمچنیں معنی بود عامل یقیں در مبتدا

جاننا چاہیے کہ عوامل معنویہ کا حاصل یہ ہے کہ وہ عدد میں دو ہیں۔ اول ان میں سے فعل مضارع ہے اور
دوسرا ان میں سے مبتدا اور خبر ہیں۔

فائدہ: جمہور نحات فرماتے ہیں کہ عامل رافع فعل مضارع میں معنوی ہے لیکن عامل معنوی کے تفسیر میں اختلاف واقع ہو چکا ہے، بصریین اور کوفیین کے درمیان۔ چنانچہ بصریین فرماتے ہیں کہ عامل رافع فعل مضارع میں معنوی ہے اور وہ فعل مضارع کا واقع ہونا ہے بجائے اسم فاعل کے مثال: جاءنی رجل یضرب اس مثال میں یضرب واقع ہے ضارب کی جگہ پر اسلئے کہ کہا جاتا ہے جاءنی رجل ضارب۔
کوفیین فرماتے ہیں کہ عامل رافع فعل مضارع میں معنوی ہے اور وہ خالی ہونا ہے فعل مضارع کے عوامل ناصبہ اور جازمہ سے، مثال: یضرب۔ مبتدا اور خبر کے عامل رافع میں بھی اختلاف ہے۔ چنانچہ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ عامل رافع مبتدا اور خبر دونوں کی لفظی ہے بایں طور کہ ہر واحد مبتدا و خبر میں سے عامل ہے آخر میں۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مبتدا اور خبر میں عامل رافع معنوی ہے اور وہ مبتدا و خبر کا خالی ہونا ہے عوامل لفظیہ سے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مبتدا کا عامل رافع معنوی ہے جو کہ ابتدا ہے یعنی خالی ہونا ہے عوامل لفظیہ سے اور خبر کا عامل رافع لفظی ہے جو کہ مبتدا ہے۔

عوامل معنوی ختم شد

(بعون اللہ و توفیقہ)۔

عنقریب زیورِ طبع سے آراستہ ہونے والی ہے

۱۔ از افادات استاذ الحدیث مولانا فضل محمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ

۲۔ مؤلف استاذ الحدیث مولانا عبدالعزیز صاحب مدظلہ

۳۔ امتیازات وخصوصیات تالیف:

(الف) مکمل حدیث (ب) اعراب حدیث (ج) ترجمۂ حدیث

(د) مختصر مدلل تشریح (ح) مختصر حالاتِ راوی (خ) مع اضافات

از کتاب الایمان تا کتاب الصلوٰۃ

ادارے کی دیگر مطبوعات

۱۔ ضیاء الصبیح شرح مشکاۃ المصابیح (ایک جلد)

۲۔ أحسن الوقایہ شرح شرح الوقایہ (اخیرین) (تین جلد)

۳۔ إبداء الکبد فی وفاۃ المحدث الکبیر فضل محمد رحمۃ اللہ

۴۔ خلاصہ نحو میر مع تسہیل النحو

۵۔ خلاصۃ القطبی

۶۔ خلاصہ شرح تہذیب

۷۔ تنویر المرقات

۸۔ فہارس الفقہ والفتاوی

۹۔ سدا بہار واقعات

۱۰۔ أحسن الوافیہ شرح الکافیہ

مدنی کتب خانہ

اینڈ کمپوزنگ سنٹر

محلہ عیسی خیل نیو روڈ مینگورہ سوات

0346-3037962